Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 منگل، 14 مارچ، 2023ء، 21 شعبان المعظم 1444ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 293

جسٹس محسن اختر کیانی اور جسٹس ارباب طاہر پر مشتمل اسلام آباد ہائیکورٹ کے لارجر بنچ نے مبینہ بیٹی کو ظاہر نا کرنے پر عمران خان کے خلاف نااہلی کیس کی سماعت

عمران خان نااہلی

2 منٹ کا کیس ہے؟ یا بیٹی تسلیم کریں یا انکار کریں

اسلام آباد ہائیکورٹ

عمران خان کے وکیل سلمان اکرم راجہ پیش نہ ہوئے، ان کے معاون وکیل نے کہا کہ درخواستگزار نے اپنی پٹیشن میں ترمیم کی درخواست دی، ہمیں ان کی درخواست پر اعتراض ہے تحریری جواب کا وقت دیں

چیف جسٹس نے عمران خان کے وکلا سے کہا کہ ویسے تو آپ کی سائیڈ سے بھی یہ دومنٹ کا کیس ہے؟ یا آپ تسلیم کریں یا انکار کریں، پٹیشن ختم ہوجاتی ہے، آپ انکار کریں تو ان کی پٹیشن ابھی خارج ہوتی ہے

اسلام آباد(خصوصی رپورٹر)اسلام آباد ہائیکورٹ نے ریمارکس دیے ہیں کہ دومنٹ کا کیس ہے؟ یا تسلیم کریں یا انکار کریں۔ چیف جسٹس عامر فاروق کی سربراہی میں جسٹس محسن اختر کیانی اور جسٹس ارباب طاہر پر مشتمل اسلام آباد ہائیکورٹ کے لارجر بنچ نے مبینہ بیٹی کو ظاہر نا کرنے پر عمران خان کے خلاف نااہلی کیس کی سماعت کی۔ چیف جسٹس نے کہا کہ ہر شخص کی پراویسی ضروری ہے لیکن ہم اس لئے سن رہے ہیں اس میں قانونی معاملہ ہے، ہاں یا ناں میں جو بھی کہنا ہے آپ کہہ دیں۔ چیف جسٹس نے عمران خان کے وکلا سے کہا کہ ویسے تو آپ کی سائیڈ سے بھی یہ دومنٹ کا کیس ہے؟ یا آپ تسلیم کریں یا انکار کریں، پٹیشن ختم ہوجاتی ہے، آپ انکار کریں تو ان کی پٹیشن ابھی خارج ہوتی ہے، اگلے الیکشن میں یہ معاملہ پھر کوئی لے کر آجائے گا۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ یہ بدقسمتی ہے کہ کسی کی پرائیویٹ زندگی کا معاملہ ایسے پبلک میں آئے، ہم بھی یہاں بیٹھ کر ایسا کیس سننے میں کوئی مزہ نہیں آرہا، لیگل سائیڈ پر ایک بات آگئی ہے اس لئے سننا پڑ رہا ہے، ایک واضح موقف لیں ابھی درخواست مسترد کر دیتے ہیں۔ عمران خان کے وکیل سلمان اکرم راجہ پیش نہ ہوئے۔ ان کے معاون وکیل نے کہا کہ درخواستگزار نے اپنی پٹیشن میں ترمیم کی درخواست دی، ہمیں ان کی درخواست پر اعتراض ہے تحریری جواب کا وقت دیں۔ چیف جسٹس نے کہا کہ دو صفحوں کا جواب دینا تھا کیا آج نہیں (بقیہ نمبر1)

میری جان کو خطرہ ہے اس لئے عدالت سے تحفظ مانگ رہے ہیں، عمران خان

پاکستان میں دہشت گردی کی فضاء ہے اور ہم اس کا مقابلہ کر رہے ہیں، چیئرمین تحریک انصاف

لاہور (نیوز رپورٹر) تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کا کہنا ہے کہ عدالت سے کہہ رہا ہوں کہ جان خطرے میں ہے اس لئے تحفظ مانگ رہے ہیں۔ لاہور زمان پارک میں تحریک انصاف کی انتخابی ریلی پہلے چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی پارٹی رہنماؤں کے (بقیہ نمبر4)

پنجاب میں انتخابات

نواز شریف کا شہباز شریف اور مریم نواز سے ٹیلی فونک رابطہ

مسلم لیگ ن کے بڑوں کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا ہے، پنجاب اسمبلی کے انتخابات پر گفتگو کی گئی

اسلام آباد (خبرنگار) مسلم لیگ ن کے بڑوں کے درمیان ٹیلی فونک رابطہ ہوا ہے، پنجاب اسمبلی کے انتخابات پر گفتگو کی گئی۔ میڈیا نے ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے رپورٹ کیا ہے کہ قائد مسلم لیگ ن نواز شریف نے وزیراعظم شہباز شریف اور مریم نواز سے ٹیلی فونک (بقیہ نمبر 3)

عمران خان کو گرفتار یا نااہل کرنے کا کوئی جواز نہیں، شاہ محمود قریشی

اداروں پر تنقید ہماری پالیسی کا حصہ نہیں، میں نے توشہ خانہ کا کوئی تحفہ مفت نہیں رکھا، وائس چیئرمین تحریک انصاف

اسلام آباد (خصوصی خبرنگار) وائس چیئرمین تحریک انصاف شاہ محمود قریشی کا کہنا ہے کہ ہم زمان پارک سے ریلی نکال رہے ہیں، پولیس ہمارے ساتھ تعاون کریں۔ تفصیلات کے مطابق شاہ محمود قریشی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان کی جان کو خطرہ (بقیہ نمبر2)

شہباز شریف نے کہا کہ رمضان المبارک میں غریب و متوسط طبقے کے مسائل کو کم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، مفت آٹے کی تقسیم کو شفاف بنانے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جائے

مفت آٹا، سستا پٹرول

وزیراعظم کا غریب طبقہ کو بڑا ریلیف دینے کا فیصلہ



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف نے غریب و متوسط طبقہ کو رمضان المبارک میں ریلیف دینے کے حوالے سے بڑے فیصلے کر لیے۔

سکیم کے تحت اسلام آباد کے 10 لاکھ لوگوں کو رمضان المبارک میں مفت آٹا فراہم کیا جائے گا، وزیراعظم نے سندھ، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کو بھی اس سکیم میں شامل ہونے کی دعوت دی ہے

اجلاس میں وزیراعظم کو بریفنگ دی گئی کہ اسلام آباد اور مضافاتی علاقوں میں رمضان کے دوران مفت آٹے کی فراہمی کی جائے گی، اس سکیم سے اسلام آباد کے تقریباً ڈیڑھ لاکھ گھرانوں کو مفت آٹا تقسیم کیا جائے گا

وزیراعظم نیوٹر سائیکل ورکشہ والوں کو سستے پٹرول کی فراہمی کا بھی اصولی فیصلہ کیا، وزیراعظم کی ہدایت پر موٹر سائیکل اور رکشہ والوں کو مہنگائی کے اثرات سے بچانے کے لیے سستے پٹرول کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی

اسلام آباد(نمائندہ خصوصی)وزیراعظم شہباز شریف نے غریب و متوسط طبقہ کو رمضان المبارک میں ریلیف دینے کے حوالے سے بڑے فیصلے کر لیے۔ وزیراعظم شہباز شریف کے زیرصدارت غریب و متوسط طبقے کو مہنگائی کے اثرات سے بچانے کیلئے اقدامات پر اعلیٰ سطح کا اجلاس ہوا، جس میں وزیراعظم نے اسلام آباد میں رمضان المبارک کے دوران غریب و متوسط طبقے کو مفت آٹے کی فراہمی کا فیصلہ کیا۔ سکیم کے تحت اسلام آباد کے 10 لاکھ لوگوں کو رمضان المبارک میں مفت آٹا فراہم کیا جائے گا، وزیراعظم نے سندھ، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کو بھی اس سکیم میں شامل ہونے کی دعوت دی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ رمضان المبارک میں غریب و متوسط طبقے کے مسائل کو کم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، مفت آٹے کی تقسیم کو شفاف بنانے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کیا جائے۔ اجلاس میں وزیراعظم کو بریفنگ دی گئی کہ اسلام آباد اور مضافاتی علاقوں میں رمضان کے دوران مفت آٹے کی فراہمی کی جائے گی، اس سکیم سے اسلام آباد کے تقریباً ڈیڑھ لاکھ گھرانوں کو مفت آٹا تقسیم کیا جائے گا۔ وزیراعظم نیوٹر سائیکل و رکشہ والوں (بقیہ نمبر 5)

وزیراعظم نے کپاس کی فی من قیمت 8500 روپے مقرر کرنے کی منظوری دے دی

لاہور (خبرنگار) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کپاس کے کاشتکاروں کیلئے بڑا فیصلہ کرتے ہوئے رواں سال کپاس کی قیمت 8500 روپے فی من مقرر کرنے کی اصولی منظوری دے دی (بقیہ نمبر6)

موٹروے پولیس کی نااہلی، وقوعہ کے ایک گھنٹہ بعد موقع پر پہنچی

آئی جی نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹرویز پولیس نوٹس لیں، صحافیوں کا مطالبہ

گوجرخان (قمر شہزاد) موٹروے پولیس کی نااہلی، المناک حادثے کی اطلاع کے باوجود وقوعہ کے ایک گھنٹہ بعد موقع پر پہنچی، موٹروے پولیس حادثہ کر کے فرار ہونے والی گاڑیوں کو روکنے میں بھی ناکام رہی، تفصیلات کے مطابق گزشتہ سے پیوستہ شب گوجرخان شہر کے قریب جی ٹی روڈ پر (بقیہ نمبر 7)

IMF

معاہدے میں تاخیر، پاکستان کا امریکہ سے بات چیت کرنے کا فیصلہ

جلد معاشی پالیسیوں پر قابو پالیں گے، پاکستان کی ترقی میں عالمی بینک کی جانب سے تعاون قابل تعریف ہے

وزیرخزانہ اسحاق ڈار امریکی سفیر سے رابطہ کریں گے، امریکہ سے بات چیت کے بعد رواں ہفتے معاہدہ طے پانے کا امکان ہے

اسلام آباد (خبرنگار) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اسٹاف لیول معاہدے میں تاخیر، پاکستان نے امریکہ سے بات کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ میڈیا نے ذرائع وزارت خزانہ کا حوالہ دیتے ہوئے رپورٹ کیا ہے کہ تمام شرائط پر عملدرآمد ہو چکا ہے، معاہدے میں تاخیر کا جواز نہیں۔ آئی ایم ایف (بقیہ نمبر12)

اسلام آباد: سپریم کورٹ نے پنجاب اور خیبر پختونخوا کی 11 انتخابی عذرداریوں کو خارج کر دیا

پنجاب اسمبلی انتخابات

ن لیگ کا تمام نشستوں سے امیدوار کھڑے کرنے کا فیصلہ

سابق وزیراعظم میاں نواز شریف نے گفتگو میں کہا کہ پنجاب اسمبلی انتخابات کے لئے ٹکٹ میرٹ پر دیے جائیں گے

ذرائع کے مطابق قائد مسلم لیگ نے وزیراعظم شہباز شریف اور چیف آرگنائزر مسلم لیگ ن مریم نواز سے ٹیلیفونک گفتگو کی

لاہور (خصوصی خبرنگار) مسلم لیگ نے پنجاب اسمبلی کے انتخابات میں تمام نشستوں سے امیدوار میدان میں اتارنے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق قائد مسلم لیگ نے وزیراعظم شہباز شریف اور چیف آرگنائزر مسلم لیگ ن مریم نواز سے ٹیلیفونک گفتگو کی، گفتگو میں پنجاب اسمبلی کے (بقیہ نمبر 8)

سلیمان شہباز کیخلاف منی لانڈرنگ کیس، عدالتی دائرہ اختیار پر فیصلہ محفوظ

ملزمان پر جرم ثابت نہیں ہوسکا، عدالتی دائر اختیار پر ملزمان کے وکیل کی تائید کرتا ہوں، وکیل

لاہور (نیوز رپورٹر) لاہور کی اسپیشل سینٹرل کورٹ نے وزیراعظم شہباز شریف کے صاحبزادے سلیمان شہباز کے خلاف 16 ارب روپے کی منی لانڈرنگ سے متعلق کیس میں عدالتی دائرہ (بقیہ نمبر 13)

لاہور: پی ٹی آئی کی داتا دربار تک انتخابی ریلی، جگہ جگہ استقبال، عمران خان کا اتوار کو جلسے کا اعلان

عمران خان نے توشہ خانہ کے تحفے بیچ کر 3 نسلوں کی جائیدادیں بنالیں، مریم نواز

4 سال جن حالات کا ہم نے سامنا کیا ان کو تو کسی نے انگلی بھی نہیں لگائی، عمران خان کی حکومت میں میرا ملتان میں جلسہ تھا

چاہتی ہوں یوتھ پاکستان کے کام آئے اور پاکستان آگے بڑھے، میں نے لاہور کالج سے ایف ایس سی کی تھی، چیف آرگنائزر ن لیگ

لاہور (سٹاف رپورٹر) مسلم لیگ)ن (کی چیف آرگنائزر مریم نواز نے کہا ہے کہ فواد چودھری گھڑی کے حوالے سے ڈھٹائی سے جھوٹ بول رہا ہے، ان کے یکا صحافی بھی جھوٹ بول رہے ہیں۔ لاہور میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ چاہتی ہوں یوتھ پاکستان کے کام آئے اور پاکستان آگے بڑھے، میں نے لاہور کالج سے ایف ایس سی کی تھی، نوجوانوں کو سمت دکھانا لیڈرشپ کا کام ہے، پاکستان کو بیرونی تھریٹ نہیں ہے، پاکستان کو اندرونی تھریٹ ہے، جب ملک کی بات آئے گی تو اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، آج کل سب کچھ آئی ٹی کی بنیاد پر ہے۔ مسلم لیگ)ن (کی چیف آرگنائزر مریم نواز نے مزید کہا کہ ہم نے ٹیوٹا کے ساتھ مل کر نوجوانوں کو ٹیکنیکل ٹریننگ کروائیں، ہم نے بچوں کو یوتھ لون دیئے، جماعتوں کو صرف یوتھ (بقیہ نمبر 11)

چیف جسٹس آف پاکستان نے سندھ ہائیکورٹ میں ایڈیشنل ججز کی تقرری کیلئے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس 16 مارچ کو طلب کر لیا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) چیف جسٹس پاکستان عمر عطاء بندیال نے سندھ ہائیکورٹ میں ایڈیشنل ججز کی تقرری کیلئے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس 16 مارچ کو طلب کر لیا۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں سندھ ہائی کورٹ میں ایڈیشنل ججز کی تقرری پر غور کیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق سندھ ہائیکورٹ میں ایڈیشنل ججز کی تقرری کیلئے جوڈیشل کمیشن کا (بقیہ نمبر 10)

ظل شاہ کی ہلاکت پر جوڈیشل کمیشن بنانے کے لیے درخواست دائر

اس معاملے میں شواہد مٹانے کا کیس درج ہوگیا ہے، گرفتاریاں ہوں گی، عامر میر

لاہور ہائیکورٹ ظل شاہ کی ہلاکت کی تحقیقات کے لیے کمیشن بنانے کا حکم دے

لاہور (اسپیشل رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ میں پی ٹی آئی کے کارکن علی بلال عرف ظل شاہ کی ہلاکت پر جوڈیشل کمیشن بنانے کے لیے درخواست دائر کر دی۔ درخواست ایڈووکیٹ ندیم سرور نے لاہور ہائیکورٹ میں دائر کی۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ لاہور ہائیکورٹ ظل شاہ کی ہلاکت کی تحقیقات کے لیے کمیشن بنانے کا حکم دے۔ ایڈووکیٹ ندیم سرور کی جانب سے دائر درخواست میں آئی جی پنجاب، پنجاب حکومت اور ڈپٹی کمشنر سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا۔ جبکہ پنجاب کے نگراں وزیر برائے اطلاعات ونشریات عامر میر نے کہا ہے کہ اس معاملے میں شواہد مٹانے کا کیس درج ہوگیا ہے، گرفتاریاں ہوں گی۔ انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان، یاسمین راشد اور راجہ شکیل سمیت دیگر افراد کو گرفتار کیا جا سکتا ہے، انہوں نے مل جل کر سب کچھ کیا ہے۔ عامر میر نے الزام عائد کیا کہ ظل شاہ کے معاملے پر (بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد: عارف علوی کا طب کے شعبہ میں یکساں نصاب متعارف کرانے پر زور

پاکستانی نوجوان انتہائی باصلاحیت ہیں، ہر شعبے میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے، وزیراعظم کی معاون خصوصی روبینہ خورشید عالم

اسلام آباد (خصوصی رپورٹر) وزیراعظم کی معاون خصوصی و کنوینر ایس ڈی جیز روبینہ خورشید عالم نے کہا ہے کہ پاکستانی نوجوان انتہائی (بقیہ نمبر 15)

رمضان آمد، نواحی علاقوں میں سستا بازار قائم کرنے کا مطالبہ

سرکاری نرخوں پر آٹے کی فراہمی کیلئے اقدامات کیے جائیں، شوکت خان ادریزئی

پشاور (سٹی رپورٹر) کوہ دامان پشاور کے عوام نے نگران صوبائی حکومت اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ رمضان کے پیش نظر متنی، ادیزئی اور یوسف خیل سمیت دیگر ملحقہ علاقوں کے عوام (بقیہ نمبر14)

پاکستان کے معاشی معاملات کا حل نکالنے کیلئے کام کر رہے ہیں، امریکی سفیر

ڈونلڈ بلوم کا کہنا تھا کہ پاکستان دیگر ممالک کی طرح انسانی حقوق کے چیلنجز سے نبرد آزما ہے، پاکستان کو ان الزامات کو ڈیل کرنا ہوگا

امریکی سفیر نے مزید کہا کہ پاکستان کے ساتھ اب بھی شراکت دار ہیں، سکیورٹی کے شعبے میں پاکستان کی معاونت کے لیے کام کرتے رہیں گے

اسلام آباد(خبرنگار پاکستان میں امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم نے کہا ہے کہ پاکستان کے سنجیدہ معاشی معاملات پر تمام شعبوں میں حل نکالنے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے امریکی سفیر نے کہا کہ پاکستان سنگین اہمیت کے حامل معاشی چیلنجز کا سامنا کر (بقیہ نمبر 18)

وفاقی وزیر مصدق ملک نے روس کے ساتھ ڈیل کی تصدیق کر دی

معاہدہ ہو چکا، پاکستان اپنی ضرورت کا ایک تہائی ایندھن روس سے خریدے گا۔ وفاقی وزیر پٹرولیم مصدق ملک کی گفتگو

گیس کا جتنا بل غریب دے گا اس کا چار گنا بل امیر دے گا۔ مقامی گیس کا سرکلر ڈیٹ ختم کر دیا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر پٹرولیم مصدق ملک کا کہنا ہے کہ روس سے ڈیل کر لی۔ پاکستان اپنی ضرورت کا ایک تہائی ایندھن روس سے خریدے گا۔ انہوں نے کراچی میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مقامی صنعت کو تحفظ دینے سے اشیاء سستی ہوتی ہیں، پیداوار (بقیہ نمبر16)

پشاور: نگران وزیراعلی خیبر پختونخوا سے یورپین یونین کی سفیر ڈاکٹر رینا کیونکا کی ملاقات

ڈویژن کے چاروں اضلاع میں جاری خانہ و مردم شماری کا دوسرا مرحلہ مکمل ہو چکا ہے

سرگودھا(جنرل رپورٹر)ڈویژن کے چاروں اضلاع میں جاری خانہ و مردم شماری کا دوسرا مرحلہ مکمل ہوچکا ہے جبکہ 12 مارچ سے 3 -اپریل تک تیسرا مرحلہ شروع ہو چکا ہے جس کے (بقیہ نمبر 19)

پنجاب پولیس ملازمین کی بچیوں کی شادی پر ایک لاکھ روپے دیئے جائینگے

فوت ہونے والے ملازمین کی تجہیز و تکفین کیلئے مالی امداد دگنی کر دی گئی، نوٹیفکیشن جاری

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پنجاب پولیس کے ملازمین کی بچیوں کی شادی پر ایک لاکھ روپے دیے جائیں گے جب کہ فوت ہونے والے ملازمین کی تجہیز و تکفین کے لئے مالی امداد دگنی کر دی گئی۔ آئی جی پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے قوانین میں تبدیلی کرتے ہوئے پنجاب پولیس کے تمام ملازمین کی بچیوں کو ان کی شادی پر ایک لاکھ روپے دینے کا اعلان کیا ہے اس حوالے سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق ملازمین کی بچیوں کو یکساں ایک ایک لاکھ روپے شادی پر ملیں گے اس سے قبل ہر ملازم کی پہلی بیٹی کی شادی پر زیادہ رقم اور اس کے بعد دیگر بیٹیوں کی شادیوں پر کم رقم دی جاتی تھی۔ اب تمام بچیوں (بقیہ نمبر 17)

پاکستان اور ایران کے درمیان گوادر کو 100 میگاواٹ بجلی کی فراہمی کے لیے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط

اسلام آباد (خبرنگار) وزیراعظم پاکستان میاں شہباز شریف کی ہدایت پر وزیر توانائی انجینئر خرم دستگیر خان نے 23-3-10 سے 23-3-13 تک ایران کا دورہ کیا۔ وزیر مملکت (بقیہ نمبر 23)

وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی پروفیسر شاہد کمال ٹریفک حادثے میں جاں بحق

پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال لاہور سے فیصل آباد آ رہے تھے

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی پروفیسر شاہد کمال ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہوگئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال لاہور سے فیصل آباد آ رہے تھے، ساہیانوالہ کے قریب ان کی کار حادثے کا شکار ہوگئی۔ حادثے کے نتیجے میں وی سی جی سی یونیورسٹی پروفیسر شاہد کمال جاں بحق ہوگئے۔ وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی پروفیسر شاہد کمال ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہوگئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر شاہد (بقیہ نمبر24)

اجمل بھٹی کا ڈویژن بھر میں پرائس کنٹرول میکنزیم پر عدم اطمینان کا اظہار

چاراں اضلاع کے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی دس روزہ کارکردگی رپورٹ طلب

سرگودھا (خصوصی رپورٹر) کمشنر محمد اجمل بھٹی نے ڈویژن بھر میں پرائس کنٹرول میکنزیم پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے چاراں اضلاع کے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی دس روزہ کارکردگی (بقیہ نمبر 20)

مہنگی بجلی صنعتی ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہے، میاں خرم الیاس

لاہور (جنرل رپورٹر) صنعتکار رہنما چیئرمین ٹاؤن شپ انڈسٹریز ایسوسی ایشن لاہور میاں خرم الیاس نے کہا ہے کہ بجلی کی قیمتوں میں مسلسل اضافوں سے صنعتی شعبہ کی پیداواری لاگت میں اضافہ سے اشیاء مہنگی اور ملک میں ہوشربا مہنگائی (بقیہ نمبر 21)

چیف سیکرٹری پنجاب کے عوامی بہبود کے اہداف پر پیش رفت کا جائزہ

جائزہ اجلاس کمشنر محمد اجمل بھٹی کی زیرصدارت ان کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا

سرگودھا (خبرنگار) چیف سیکرٹری پنجاب کے عوامی بہبود کے اہداف پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس کمشنر محمد اجمل بھٹی کی زیرصدارت ان کے کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر سرگودھا کیپٹن ریٹائرڈ شعیب علی، ڈپٹی کمشنر خوشاب ذیشان شبیر رانا، ڈپٹی کمشنر میانوالی سجاد احمد خان اور ڈپٹی کمشنر بھکر نور محمد اعوان سمیت متعلقہ افسران شریک ہوئے۔ اجلاس میں چاروں ڈپٹی کمشنروں نے انسداد تجاوزات (بقیہ نمبر 22)

گوجرخان بھڈانہ کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت نے حلقہ پی پی 8 سے صوبائی اسمبلی کا الیکشن لڑنے کا اعلان کر دیا

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق حلقہ پی پی 8 میں ایک اور نامور سیاسی و سماجی شخصیت کے نام کا اضافہ ہونے جا رہا ہے انکی سماجی خدمات کسی ڈھکی چھپی نہیں ہیں پاکستان پیپلز پارٹی گوجرخان بھڈانہ کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت (بقیہ نمبر 26)

گوجرخان جی ٹی روڈ پر ٹریفک کا المناک حادثہ

پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے نائب صدر سخاوت مغل اور شیخ صلاح الدین جاں بحق

گوجرخان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق گزشتہ رات گوجرخان میں ٹریفک کے المناک حادثے میں پوٹھوہار پریس کلب کے 2 سینئر صحافی نائب صدر سخاوت مغل اور شیخ صلاح الدین جان کی بازی ہار گئے دونوں انتہائی ملنسار اور ہر دلعزیز اور دوستوں کو جوڑنے والی شخصیات تھے ان کی اس ناگہانی موت سے جو خلا پیدا ہوا وہ کبھی بھر نہیں سکے گا نماز جنازہ میں سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف اور دیگر سیاسی سماجی و کاروباری شخصیت اور صحافیوں کی شرکت لاہور سائیڈ سے آنے والی تیز رفتار (بقیہ نمبر 25)

لاہور میں دفعہ 144 کا نفاذ

ہائی کورٹ نے الیکشن کمیشن سمیت فریقین کو نوٹس جاری کر دیئے

عدالت عالیہ نے نوٹس میں کہا کہ درخواست میں اہم نکات اٹھائے گئے ہیں تمام فریقین شق وار جواب جمع کرائیں

پی ٹی آئی نے ریلی نکالنے کا کہا تو دفعہ 144 نافذ کر دی گئی، الیکشن شیڈول کے اعلان کے بعد دفعہ 144 نہیں لگائی جا سکتی

لاہور: خاتون جج کو دھمکی کا کیس: اسلام آباد پولیس عمران کی گرفتاری کیلئے لاہور پہنچ گئی

لاہور(نامہ نگار) لاہور ہائی کورٹ میں الیکشن شیڈول جاری ہونے کے بعد دفعہ 144 کے نفاذ کے خلاف درخواست پر سماعت ہوئی۔ جسٹس طارق سلیم شیخ نے پی ٹی آئی رہنما حماد اظہر کی درخواست پر سماعت کی، اظہر صدیق ایڈووکیٹ نے دلائل دیتے ہوئے عدالت کو بتایا کہ تحریک انصاف کے علاوہ تمام سیاسی جماعتیں کنونشن کر رہی ہیں، پی ٹی آئی نے ریلی نکالنے کا کہا تو دفعہ 144 نافذ کر دی گئی، الیکشن شیڈول کے اعلان کے بعد دفعہ 144 نہیں لگائی جا سکتی۔ وکیل کے دلائل سننے کے بعد لاہور ہائی کورٹ نے الیکشن کمیشن سمیت دیگر کو نوٹس جاری کر دیئے، عدالت نے اٹارنی جنرل اور (بقیہ نمبر 30)

پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس 15 مارچ کی بجائے 10 اپریل کو ہوگا

پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس 15 مارچ کی بجائے 10 اپریل کو صبح 11 بجے منعقد ہوگا

اسمبلی سیکرٹریٹ نے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کے شیڈول میں تبدیلی کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کا شیڈول تبدیل کر دیا گیا ہے، پارلیمنٹ کا مشترکہ اجلاس 15 مارچ کی بجائے 10 اپریل کو صبح 11 بجے منعقد ہوگا۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کے مطابق سپیکر قومی اسمبلی نے مشترکہ اجلاس کے شیڈول میں تبدیلی پارلیمنٹ کے (بقیہ نمبر 28)

شازیہ مری کی جعلی ڈگری کا کیس سندھ ہائیکورٹ کو بھجوا دیا گیا

ہائیکورٹ میں جاری کیس میں سپریم کورٹ مداخلت نہیں کر سکتی، چیف جسٹس

سندھ ہائیکورٹ میں پہلے سے شازیہ مری کی نااہلی کا کیس زیر سماعت ہے، عدالت

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) سپریم کورٹ آف پاکستان نے وفاقی وزیر شازیہ مری کی جعلی ڈگری کی بنیاد پر نااہلی کا کیس سندھ ہائیکورٹ کو بھجوا دیا۔ چیف جسٹس پاکستان عمر عطاء بندیال کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 3 رکنی بینچ نے شازیہ مری جعلی ڈگری پر نااہلی سے متعلق اپیل پر سماعت کی۔ عدالت نے کہا کہ سندھ ہائیکورٹ میں پہلے سے شازیہ مری کی نااہلی کا کیس زیر سماعت ہے۔ چیف جسٹس نے ریمارکس دیے کہ ہائیکورٹ میں جاری کیس میں سپریم کورٹ مداخلت نہیں کر سکتی، ہائیکورٹس (بقیہ نمبر 29)

انڈسٹریاں بند ہو رہی ہیں جس کی ماضی میں مثال نہیں ملتی، شیخ اصغر قادری

فیصل آباد (نیوز رپورٹر) آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن ریجنل (اپٹما) کے چیئرمین حافظ شیخ محمد اصغر قادری نے کہا ہے کہ پاکستان میں نمک سے بننے والا کاسٹک، ہائیڈروجن اور سوڈا ایش و دیگر پراڈکٹ جو تیار ہوتی ہیں اس میں ایسا مافیا ہے وہ مرضی کے ریٹس بڑھا کر بحران دیتا ہے۔ کاسٹک (بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد: دفعہ 144 کیخلاف درخواست، الیکشن کمیشن نے نگران حکومت سے رپورٹ طلب کر لی

عوام کی بے ساختہ للکار
Daily Awami Lalkaar
عوامی للکار

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

سعودی ایران تعلقات بحال، اہل سیاست کیلئے سبق

چین کی ثالثی میں ایران اور سعودی عرب نے تعلقات بحال کرنے کے ساتھ ساتھ دونوں ممالک میں اپنے اپنے سفارت خانے دوبارہ کھولنے پر اتفاق کرلیا ہے۔ باضابطہ معاہدہ طے پا گیا ہے جس کے تحت ایران اور سعودی عرب ایک دوسرے کی خودمختاری کے احترام اور عدم مداخلت کی پالیسی پر کاربند رہیں گے۔ چین کے صدر شی جن پنگ کی کوششوں سے ایرانی اور سعودی حکام کے مابین 6 سے 10 مارچ تک مذاکرات ہوئے تھے۔ معاہدہ طے پانے کا باضابطہ اعلان بیجنگ میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران چین، ایران اور سعودی عرب کا مشترکہ بیان جاری کر کے کیا گیا۔ اس بیان پر دونوں مسلم ممالک کے ساتھ ساتھ چینی وزیرخارجہ کے دستخط بھی ہیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایک سینئر سفارتکار نے بتایا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان طے پانے والے معاہدے کی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای نے بھی تائید کردی ہے۔ بین الاقوامی خبروں کے مطابق دونوں ممالک کے وزرائے خارجہ سفارت کاروں کے تبادلے اور دیگر اقدامات کے حوالے سے جلد مذاکرات کریں گے۔ دونوں ممالک نے 17 اپریل 2001 کو طے پانے والے سکیورٹی تعاون کے معاہدے پر عمل درآمد پر بھی اتفاق کرلیا ہے۔ مزید بتایا گیا ہے کہ دونوں ممالک نے 27 مئی 1998 کو طے پانے والے اس معاہدے پر از سرِ نو اتفاق کرلیا ہے جس کا مقصد اقتصادی، تجارتی، سرمایہ کاری، تکنیکی، سائنسی، ثقافتی، کھیلوں اور نوجوانوں کے امور میں تعلقات کو فروغ دینا تھا۔ مشترکہ بیان میں تینوں ممالک نے علاقائی اور بین الاقوامی امن اور سلامتی کو مزید مضبوط بنانے کے لیے ہر کوشش بروئے کارلانے پر زور دیا۔ اِس موقع پر ایران اور سعودی عرب نے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کی بحالی کے لیے کوششوں اور 22-2021 میں مذاکرات کا انعقاد کرنے پر عراق اور عمان کا بھی شکریہ ادا کیا۔ پاکستانی دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق عوامی جمہوریہ چین کی جانب سے سعودی عرب اور ایران کے درمیان سفارتی تعلقات کو معمول پر لانے کا خیر مقدم کیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کو پختہ یقین ہے کہ یہ اہم سفارتی پیش رفت اِس خطے کے ساتھ ساتھ دیگر دنیا کے امن و استحکام میں بھی معاون ثابت ہو گی۔ وزارت خارجہ نے یہ بھی کہا ہے کہ پاکستان اِس تاریخی معاہدے کو مربوط کرنے میں چین کی دور اندیش قیادت کے کردار کو سراہتا ہے جو تعمیری اور بامعنی بات چیت کی طاقت کو ظاہر کرتا ہے۔ پاکستان دونوں برادر ممالک کے درمیان خلیج کو پر کرنے کے لیے مسلسل تعاون اور ہم آہنگی کی کوششوں کے ساتھ ساتھ مشرق وسطی اور خطے میں تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا۔ بعض بین الاقوامی مبصرین کا کہنا ہے کہ یہ معاہدہ اِس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ سلامتی اور دفاع کے معاملے میں سعودی عرب کا امریکہ پر بھروسہ ختم ہو چکا ہے اور اِسی لیے وہ چین کے قریب ہوتا جا رہا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کی بحالی ایران کی نیوکلیئر ڈیل کے ساتھ ساتھ شام میں جاری سول وار پر گہرے اور دور رس اثرات مرتب ہوں گے۔ چین میں ہونے والی مذکرات کی کامیابی کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ سعودی عرب کی نے مغربی تسلط سے آزاد خارجہ پالیسی کا مظاہرہ کیا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ نے دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کی بحالی کو نہ صرف ایران اور سعودی عرب بلکہ خطے کے علاوہ پوری مسلم دنیا کے لیے خوش آئند قرار دیا ہے۔ بین الاقوامی مبصرین کے مطابق امریکہ کی طرف سے ایران پر معاشی پابندیوں پر دونوں ممالک کے تعلقات کی بحالی کے بھی گہرے اثرات مرتب ہوں گے اور یہ بھی ممکن ہے کہ مستقبل میں سعودی عرب ایران میں سرمایہ کاری بھی شروع کر دے۔ یمن میں سعودی حمایت یافتہ حکومت اور حوتی باغیوں کے درمیان آٹھ سال سے جاری جنگ کے خاتمے کا بھی امکان پیدا ہوا گیا ہے کیونکہ سعودی عرب پہلے بھی حوتی باغیوں کے نمائندوں ساتھ عمان میں بات چیت جاری رکھے ہوئے ہے جبکہ اب وہ یہ بھی چاہے گا کہ ایران حوتیوں کی جانب سے ڈرون اور میزائلوں کے حملے رکوانے میں مدد کرے تاہم ابھی اِس بارے میں کچھ کہنا قبل از وقت ہوگا۔ سعودی میڈیا کے مطابق چائنہ پلان کی کامیابی کے بعد اب اصولی طور پر چین بھی ایران کی سرگرمیوں پر نظر رکھے گا۔ مشرق وسطی میں تیل پیدا کرنے والے دو بڑے ممالک) سعودی عرب اور ایران (کے تعلقات کئی وجوہ کی بنا پر دہائیوں سے اتار چڑھا کا شکار ہیں تاہم گزشتہ چند برسوں میں یہ تعلقات کشیدہ ہوتے ہوتے خاتمے تک جا پہنچے تھے۔ سعودی عرب نے 2016 میں تہران میں قائم اپنا سفارت خانہ اس وقت بند کر دیا تھا جب سعودی حکام کی طرف سے ایک مذہبی رہنما کو پھانسی دیے جانے پر دونوں ممالک میں کشیدگی چل رہی تھی اور ایران میں مشتعل مظاہرین نے سفارت خانے پر دھاوا بول دیا تھا۔ یمن سے لے کر شام بلکہ دیگر کئی مقامات پر لڑی جانے والی پراکسی جنگوں میں بھی ایک دوسرے کی مخالف سمت میں کھڑے نظر آتے تھے۔ دنیا بھر میں سعودی ایران تعلقات کی بحالی کا خیر مقدم کیا گیا ہے اور اسے مشرق وسطی کے لیے انتہائی مثبت پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔

فضائی سرفروش ایم ایم عالم کا یوم وفات

محمد اسلم لودھی

فضائی سرفروش محمد محمود عالم (ایم ایم عالم) کو پاک فضائیہ میں لٹل ڈریگن کے لقب سے بھی پکارا جاتا ہے اس لقب کے پس منظر میں ایم ایم عالم کا وہ عظیم کارنامہ ہے جسے نہ صرف پاک فضائیہ بلکہ دنیا کی عسکری تاریخ میں سنہرے الفاظ میں لکھا جا چکا ہے۔ یہ 7 ستمبر 1965 کی بات ہے کہ بھارتی فضائیہ کے چھ ہنٹر طیارے سرگودھا ائیر بیس پر حملہ آور ہونے کی غرض سے پاکستانی فضائی حدود میں داخل ہوئے تو سکوڈرن لیڈر ایم ایم عالم اپنے طیارے کے کاک پٹ میں تیار بیٹھے تھے۔ وائرلیس پر اطلاع ملتے ہی وہ فضا میں پہنچے اور جاتے ہی ایک بھارتی طیارے کو نشانہ بنایا حسن اتفاق سے وہ فائر ٹھیک نشانے پر لگا اور بھارتی طیارہ قلابازیاں کھاتا ہوا زمین کی جانب بڑھنے لگا یہ دیکھ کر باقی بھارتی طیارے بدحواسی کا شکار ہو کر ایک ہی سمت میں واپس بھاگ رہے تھے۔ ایم ایم عالم ان کے تعاقب میں جا پہنچے اور صرف 30 سیکنڈ میں یکے بعد دیگرے مزید چار جہاز بھی مار گرائے، اس طرح صرف ایک منٹ میں پانچ طیارے گرانے کا عالمی ریکارڈ ان کے حصے میں آیا، جسے آج تک کوئی نہیں توڑ سکا۔ مجموعی طور پر 65 کی جنگ میں انہوں نے گیارہ بھارتی طیاروں کو مار گرایا، اس عظیم کارنامے کی بدولت انہیں لٹل ڈریگن ایوارڈ کے ساتھ ساتھ ستارہ جرات سے بھی نوازا گیا۔ ایم ایم عالم 1982 میں ائیر کموڈور کی حیثیت سے ریٹائر ہوئے، وہ افغانستان میں ایک مجاہد کے روپ میں سوویت یونین کے خلاف برسر پیکار بھی رہے۔ وادی کشمیر کی آزادی کی جنگ میں بھی اپنے طور پر حصہ لیا۔ ایم ایم عالم 6 جولائی 1935 کو مشترکہ ہندوستان کے شہر کلکتہ میں پیدا ہوئے قیام پاکستان کے وقت ان کا خاندان مصائب و مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے مشرقی پاکستان جا پہنچا۔ ایم ایم عالم پانچ بھائیوں اور چھ بہنوں میں سب سے بڑے تھے انہوں نے تمام بہن بھائیوں شادی کر دی لیکن اپنی شادی کو کشمیر کی آزادی تک کے لیے ملتوی کر دیا۔ یکم اکتوبر 1952 کو انہوں نے پاک فضائیہ میں شمولیت اختیار کی، تربیت مکمل کرنے کے بعد انہیں پی اے ایف کالج رسالپور بھیج دیا گیا۔ 1954 میں انہوں نے بطور فائٹر پائلٹ آفیسر اپنے کیریئر کا آغاز کیا، 1963 میں آپ کو فائٹر لیڈر سکول میں ایئر گنری اینڈ ٹیکٹیکل انسٹرکٹر تعینات کر دیا گیا۔ ایم ایم عالم بہاری مسلمان تھے ان کے خاندان کے بیشتر افراد بنگلہ دیش میں ہی قیام پذیر رہے لیکن ایم ایم عالم یہ کہتے ہوئے پاکستان میں ہی قیام پذیر رہے کہ پاکستان ہی ہمارا حقیقی وطن ہے۔ 1973 میں ایم ایم عالم دیگر پاکستانی پائلٹوں کے ہمراہ شامی فضائیہ کے پائلٹوں کو تربیت دینے کے لیے شام گئے بلکہ جب بھی اسرائیلی طیارے شام پر حملہ آور ہوتے تو ایم ایم عالم کا طیارہ فضا میں بلند ہوتے ہی اسرائیلی پائلٹ اپنے طیارے بھگا کر اس لیے واپس لے جاتے کہ ایم ایم عالم کے ہوتے ہوئے۔

جمہوریت زندہ باد

محسن گواریہ

آغا شورش کاشمیری نے ایک دفعہ ملکی سیاست کا نقشہ کھینچا اور کیا خوب کھینچا، میرے وطن کی سیاست کا حال مت پوچھو، گھری ہوئی ہے طوائف تماش بینوں میں انہیں اس وقت شائد یہ گمان بھی نہ ہو گا کہ ان کے جانے کے بعد ان کی محبوب طوائف رضیہ بن جائے گی اور اب رضیہ غنڈوں میں گھری ہوئی ہے۔ آج کا کڑوا سچ بھی یہی ہے کہ ملکی سیاست، جمہوریت اور جمہور بری طرح سے غنڈوں میں گھرے ہوئے ہیں بلکہ شکنجے میں کسے ہوئے ہیں جمہور کی حکومت جمہور میں سے جمہور کے لئے مگر ہماری جمہوریت میں جمہور کا کہیں کوئی عمل دخل ہے نہ حکومت میں انکی رسائی یا شنوائی، عوام کے ووٹ سے منتخب ارکان، اسمبلی کا حلف اٹھانے کے بعد عوام کے نمائندے نہیں رہتے بلکہ پارٹی اور پارٹی لیڈر کے ترجمان بن جاتے ہیں، سیاست کو عبادت کا نام دیا جاتا ہے مگر ہماری سیاست ریاکاری سے عبارت ہے، پارلیمنٹ کے بالا دست ہونے کا دعوی بھی اور مطالبہ بھی، مگر پارلیمنٹ جو عوام کی منتخب کردہ ہے کی قانون سازی کا مرکز و محور سیاسی مفادات کا حصول اپنی حکومت کی طوالت اور استحکام ہے، آئین کو مقدس ترین دستاویز قرار دینے والے ہر آئینی شق اور دفعہ کو من مرضی اور اپنے مفادات کے تابع معانی و مطالب دیتے دکھائی دیتے ہیں، عدالت عظمی کو عدل و انصاف کے حوالے سے نہ صرف سب سے بڑی عدالت مانا جاتا ہے آئین اس کے ہر فیصلہ پر سر تسلیم خم کرنے کا تقاضا کرتا ہے مگر ہم ہر فیصلے کو اپنے مفاد کی عینک لگا کر پڑھتے اور دیکھتے ہیں، حال ہی میں سپریم کورٹ نے پنجاب اور کے پی کے میں آئین کے مطابق 90 روز کے اندر الیکشن کرانے کا حکم صادر کیا، حکم کی پہلی سطر تھی کہ یہ فیصلہ تین دو کی اکثریت سے سنایا جا رہا ہے مگر وزیر قانون نے فیصلے کے فوری بعد میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ یہ فیصلہ چار تین کی اکثریت سے ہے اور چار ججوں نے 90 روز میں الیکشن کی نفی کی ہے۔ واضح رہے اعظم نذیر تارڑ خود وکیل ہیں بلکہ وکیل خاندان سے تعلق رکھتے ہیں مگر جیسے سیاست، جمہوریت، پارلیمنٹ کو مذاق بنایا گیا سپریم کورٹ کو بھی مذاق بنانے کی کوشش ہو رہی ہے اس کے باوجود ہر سیاسی پارلیمانی اختلاف کے فیصلہ کیلئے کورٹ سے رجوع کیا جا رہا ہے، فیصلہ حق میں آئے تو واہ واہ مخالف آئے تو ٹھاہ ٹھاہ۔ ایک دور میں سیاست واقعی خدمت اور عبادت ہوتی تھی، تب ذاتی، سیاسی، پارٹی، حکومتی مفادات پر ریاست کے مفاد کو اہمیت دی جاتی تھی، ریاست، آئین، پارلیمنٹ، عدلیہ، فوج سمیت ریاستی ادارے محترم اور مقدس ہوتے تھے، بتدریج یہ روائت بھی تبدیل ہوتی گئی، ماضی میں فیصلوں پر تنقید ہوتی اب معزز جج جرنیل منتخب وزیر اعظم اور نمائندے سب تیز و تند تنقید کی زد میں ہیں، الفاظ کے چنا میں احتیاط روا ہے نہ لب و لہجہ پر کنٹرول، ابھی کل کی بات ہے شہباز شریف آصف زرداری کو لاہور کی سڑکوں پر گھسیٹنے اور ان کے گلے میں ہاتھ ڈال کر معدے سے قوم کی لوٹی دولت اگلوانے کی بات کرتے اور جوش جذبات میں ہاتھ بھی چلاتے اور ڈائس پر پڑے مائیک تتر بتر کر دیتے مگر آج شہباز شریف ان کو پروٹوکول دیتے تھکتے نہیں ہیں، پرویز الٰہی فواد چودھری کو برا بھلا کہنے کا کوئی موقع ہاتھ سے نہ جانے دیتے مگر آج ان کے ہاتھ سے تحریک انصاف کی صدارت کا نوٹیفکیشن وصول کر رہے ہیں اور سب سے بڑا ڈاکو کا خطاب پاکر پنجاب کی پگ دونوں حوالوں سے حاصل کرنا بھی کمال فن ہے۔ قمر زمان کائرہ شریف خاندان اور شریف ان پر برستے رہتے تھے لیکن آج شیر و شکر ہیں اس کے ساتھ قمر کائرہ جو عمران خان کے بہت بڑے ناقد بھی ہیں اب عمران خان کو پیشکش کر رہے ہیں کہ آئیں مذاکرات کریں، شریفوں سے مراسم کا اختتام اور نئی آشنائی کی تلاش اور بہت جلد یہ کچھ ہونے والا، آج کے اتحادی کل دشمن تھے تو آنے والے کل میں بھی ان کی مخاصمت کھل کر سامنے آنے والی ہے، جلد مریم نواز، شہباز شریف بھی زرداری پر گرجتے برسنے والے ہیں، پیپلز پارٹی کی طعن و طنز کی بندوقیں وقتی طور پر خاموش ہیں امکان غالب ہے کہ الیکشن مہم کے شروع ہوتے ہی گرج چمک کا آغاز ہو جائے گا۔ سیاست کا دل نہیں ہوتا، احساس بھی نہیں اسی لئے یہ ظالم ہے، ماضی قریب میں عہد فراموش، دروغ گو، زیادہ باتیں کرنے والے کو طنزیہ سیاستدان کہا جاتا تھا، دھوکے کو سیاست سے تعبیر کیا جاتا، آج یہ سب سچ ثابت ہو کر ہمارے سامنے آ رہا ہے، برملا کہا جاتا ہے سیاست میں حرف آخر نہیں ہوتا جھوٹ، وعدہ خلافی، جھوٹے دعوے، وعدے، سب چلتے ہیں، مطلب کے لئے عوام کو الو بنانا جائز، ریاستی اداروں پر بلا جواز تنقید روا، کسی کی بھی پگڑی اچھالنا جائز، اس سیاست میں سب کچھ ہے مگر عبادت اور خدمت کا کہیں گزر نہیں، غریب کے غم میں تقاریر میں بلکنے والے خود محلوں میں رہتے ہیں، ان کے کتے بیرون ملک سے منگوایا گیا مہنگا فوڈ کھاتے، مخملیں بستر پر سوتے، ٹہل سیوا کیلئے ملازم مخصوص، خوشبودار صابن سے نہلائے جاتے ہیں مگر ان کے محل میں کسی غریب شہری کا داخلہ منع ہے، یہ عوام کے نمائندے ہیں مگر عوام اور ان میں کوسوں کا فاصلہ ہے، عوام کے ووٹ سے منتخب ہو کر حکومت بنانے والے حلف اٹھانے کے فوری بعد مغل بادشاہ بن جاتے ہیں، بھاری نفری کے حصار میں سخت سکیورٹی میں ان لوگوں کے درمیان سے گزرتے ہیں جن کے ووٹ کی پرچی نے ان کو اس مقام پر پہنچایا وہ اچھوت بن جاتے ہیں۔ پی ڈی ایم میں شامل جماعتوں میں کوئی قدر مشترک نہیں، سب میں نظریاتی اعتبار سے زمین آسمان کا بعد ہے، محض عمران خان دشمنی، اپنے خلاف کرپشن مقدمات کے خاتمے، اپنی لوٹی دولت بچانے کے لئے ن لیگ، پیپلز پارٹی اور جے یو آئی کا یہ اتحاد وجود میں آیا، اتحاد میں شامل دیگر جماعتیں طفیلی ہیں، جس کی حکومت ہوتی ہے۔

انصاف وہ جو نظر آئے، کیسی پابندی محکمہ جیل میں تبادلوں کی لمبی فہرست

یونس باٹھ

فرنکفرٹ انٹرنیشنل ائر پورٹ کے قریب ایک گاوں تھا جس کا نام ٹری بور تھا۔ وہاں کی رہائشی ایک بوڑھی عورت نے فرنکفرٹ انٹرنیشنل ائر پورٹ کے خلاف ایک مقدمہ دائر کیا جس کی وجہ خاتون نے کچھ یوں بیان کی۔ رات کے وقت جہازوں کا شور اتنا زیادہ ہوتا ہے کہ میں رات کو سو نہیں سکتی، جس کی وجہ سے میری اکثر طبیعت خراب رہتی ہے۔ عدالت میں جج نے اس بوڑھی عورت کی پوری بات سننے کے بعد عورت سے پوچھا کہ آپ اب کیا چاہتی ہیں۔ اس شور کے عوض آپ ائر پورٹ سے کچھ معاوضہ حاصل کرنا چاہتی ہیں یا ائر پورٹ سے دور ایک عدد گھر حاصل کرنا چاہتی ہیں؟ عورت نے جواب میں کچھ یوں کہا، میں یہاں اپنے ذاتی گھر میں رہتی ہوں اور عرصہ دراز سے یہاں زندگی گزار رہی ہوں، چونکہ اب میری طبیعت اس قدر شور برداشت نہیں کر سکتی، اس لیے اس مسئلے کا کوئی اور معقول حل تلاش کیا جائے اور ساتھ ہی یہ بھی بتایا کہ نہ تو مجھے کوئی پیسوں کی ضرورت ہے اور نہ ہی میں اپنا گاوں چھوڑ کر کہیں جانا چاہتی ہوں۔ اس بات سے اس وقت کے موجودہ حکام بھی بہت پریشان ہوئے کہ اب اس مسئلے کا کیا حل ہو سکتا ہے، اس لیے کہ نہ تو عورت یہاں سے جانا چاہتی ہے اور نہ اتنے بڑے ائر پورٹ کو کہیں اور منتقل کیا جا سکتا ہے۔ ائر پورٹ حکام نے عورت کو کیس سے پیچھے ہٹ جانے کے لیے بے شمار پیشکشیں کیں، ائر پورٹ سے دور عالی شان گھر کی پیشکش کی اور ساتھ بڑی رقم دینے کے لیے بھی کہا لیکن وہ بوڑھی عورت اپنے فیصلے سے پیچھے ہٹنے کا نام نہیں لے رہی تھی۔ آخر کار تھک کر جج نے کہا اگر ہم آپ کی نیند کے ٹائم کو فیچ کر لیں، مطلب رات کا ایک مخصوص ٹائم جب آپ سو رہی ہوں تب ائر پورٹ پر کوئی فلائٹ نہیں اترے تو کیا آپ کو یہ فیصلہ منظور ہوگا جس پر وہ عورت راضی ہوگئی، اور تب سے لے کر آج تک فرنکفرٹ انٹرنیشنل ائر پورٹ پر رات 12 سے لے کر صبح 5 بجے تک کوئی فلائٹ نہیں اترتی، آئی جی پولیس اور وزیر اعلی پنجاب کی پریس کانفرنس کا وہ حصہ جو آپ تک نہیں پہنچ سکا کہ ظل شاہ کی ہلاکت کیسے ہوئی اور کس طرح سے پتہ چلایا جا سکتا ہے کہ اصل ذمہ دار کون ہے؟ آئی جی پولیس اور نگران وزیر اعلی نے وہاں موجود صحافیوں کے سوالات کے جواب دیئے لیکن پوسٹ مارٹم کے بارے میں آگاہی رکھنے والے پروفیسر جاوید اکرم جو کہ نگران کابینہ کے وزیر بھی ہیں ان کا میڈیکل سائنس میں تجربے کے ساتھ بہت بڑا نام ہے ان کی پریس کانفرنس میں موجودگی کے دوران کسی بھی صحافی کا ان سے سوال نہ کرنا سمجھ سے بالاتر ہے، اس کیس کی سب سے اہم ایویڈینس پوسٹ مارٹم رپورٹ ہے پروفیسر صاحب سے یہ سوال پوچھا جانا چاہیے تھا کہ کیا پوسٹ مارٹم رپورٹ کے مطابق یہ بتا سکتے ہیں کہ انہیں جس ڈالے سے ہٹ کیا گیا ہے اور انجری جو آئی ہیں وہ ڈالے سے آئی ہیں یا زخم جو آئے ہیں آلہ قتل کیا ہے؟ انجری ڈنڈے کی ہے یا لاٹھی کونسی تھی، یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ ظل شاہ علی بلال کی ڈیڈ باڈی فورٹرس سٹیڈیم کے فلائی اوور سے ملی ہے اب جب فورٹرس سٹیڈیم کی بات آ گئی تو ہم کینٹ کے علاقہ میں پہنچ گئے ہیں وہاں تو جگہ جگہ کیمرے بھی موجود ہیں جہاں ظل شاہ کو حادثے کا شکار ہوتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے، اس وقت جو سب سے اہم بیان ہے وہ ہے پروفیسر جاوید اکرم کا ان سے جب پوچھا گیا کہ ظل شاہ کو زخم کیسے لگے ہیں وہ کہتے ہیں یہ کام ہے انویسٹی گیشن ایجنسی کا کہ وہ موقع کی واقعاتی شہادتوں کو اکٹھا کرے، گواہان کا بیان لے اور فوٹیج حاصل کرے، پوسٹ مارٹم کرنے والی ڈاکٹروں پر مشتمل ٹیم یا ہسپتال انتظامیہ کا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے، ہم یہ بتاتے ہیں ہڈی ٹوٹی ہے وہ کیسے یہ نہیں بتا سکتے البتہ ظل شاہ کے دماغ، پیٹ جگر اور تلی میں زخموں کے نشانات موجود ہیں۔ پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم کا کہنا ہے کہ ہمارا کام صرف پوسٹ مارٹم کا ہے ہماری ٹیم نے جو رپورٹ پیش کی ہے وہ پبلک کے پاس ہے اسے نہ کوئی تبدیل کر سکتا ہے نا اس میں کوئی ایڈ) اضافہ (یا ڈلیشن) کمی (کر سکتا ہے وہ ایک قانونی ڈاکومنٹ ہے اگر کسی کو بھی اس پر اعتراض ہو تو پوسٹ مارٹم دوبارہ بھی کیا جا سکتا ہے اس کے بعد صورتحال بڑی واضح ہے کہ موت کو نہ تو گاڑی کی ٹکر سے قرار دیا جا سکتا ہے اور نہ ہی یہ کہا جا سکتا ہے کہ اسے تشدد کرکے موت کے گھاٹ اتارا گیا ہے درحقیقت پوسٹ مارٹم رپورٹ سے فرانزک کے ذریعے آپ اصل قاتلوں تک پہنچ سکتے ہیں، یہ جو سیاسی جماعتوں کی آپس میں لڑائی چل رہی ہے جو سیاسی تنا ہے اس میں کہیں ایسا نہ ہو کہ علی بلال عرف ظل شاہ کہیں گم ہو جائے، اور یہ جو آپ کہہ رہے ہیں کہ پوسٹ مارٹم رپورٹ دبایا یک طرفہ پیش کی گئی ہے تو پروفیسر صاحب فرما رہے ہیں کے پوسٹ مارٹم دوبارہ بھی کروایا جا سکتا ہے لہذا اگر آپ نے ظل شاہ کے قاتلوں کو پکڑنا ہے اور اس کے خاندان کو انصاف دلوانا ہے تو تھوڑی دیر کے لئے سیاست کو اٹھا کر سائیڈ پر رکھ دیجئے اور میرٹ پر فیصلہ کیجئے کہ کیا ہم نے اس کیس کو منطقی انجام تک پہنچانا ہے اور جو لوگ اس میں ملوث ہیں انہیں سزا دلوانی ہے یہ چھوڑ دیں کہ ہماری ایف آئی آر درج نہیں ہو رہی یہ تمام چیزیں ایک طرف ہو جائیں گی کیونکہ افراد پر پریشر ڈال کر بیانات بھی دلوائے جا سکتے ہیں ایسے کردار بھی پیدا کیے جا سکتے ہیں لیکن پوسٹ مارٹم کی صورت میں جو ڈاکومنٹ موجود ہے اگر اس کا فرانزک کروا لیا جائے تو آپ اصل کرداروں تک ضرور پہنچ جائیں گے۔ دوسرا یہ کہ تحریک انصاف کی جانب سے جوڈیشل انکوائری کا مطالبہ ایک جائز بات ہے اگر نگران حکومت اس سے راہ فرار اختیار کرتی ہے تو کوئی بھی ان کی بے گناہی کو ماننے کے لیے تیار نہیں ہوگا۔ کہاں ایک نہایت کم حیثیت عورت اور کہاں کھرب ہا کھرب کی لاگت سے تعمیر ہونے والا انٹرنیشنل ائر پورٹ۔ کہاں کسی غریب عورت کی نیند کا سوال اور کہاں 5 گھنٹوں کے لیے فلائٹ بند کرنے کے نتیجے میں لاکھوں ڈالر آمدنی کم ہوجانے کا نقصان لیکن جن قوموں کے نزدیک انسانوں، ان کی جان و مال، ان کی مشکلات، ان کے مسائل اور ان کے حقوق کی پاس داری کا خیال ہوتا ہے وہاں دھن دولت کو نہیں دیکھا جاتا۔ غور کی بات یہ ہے کہ اگر اسی قسم کا کوئی مقدمہ پاکستان کی کسی عدالت میں کسی ایسی ہی ایک معمولی خاتون کی جانب سے دائر کیا جاتا تو پہلے تو اس کو قابل سماعت ہی نہیں سمجھا جاتا اور اگر قدرت کی جانب سے کسی معجزے کے نتیجے میں مقدمہ قابل سماعت سمجھ کر چلانا ہی پڑ جاتا تو اس عورت کو مجبور کر دیا جاتا کہ وہ اپنا تام تھوبڑا اٹھا کر کسی دوسری جگہ منتقل ہو جائے بصورت دیگر اس کو زبردستی اٹھا کر کسی ویرانے میں پھینکا بھی جا سکتا ہے اور مارا بھی جا سکتا ہے۔ خبر ہے کہ پابندی کے باوجود سپرنٹنڈنٹ عہدوں کے 32 افسران کے تبادلے نگران حکومت کی مبینہ جانبداری کا ثبوت پیش کر رہے ہیں، آئی جی کے بعد بڑے پیمانے پر تبادلوں کے اس عمل سے ادارے میں کھلبلی مچ گئی ہے تاہم میاں فاروق نذیر کی بطور آئی جی جیل تعیناتی کا نوٹیفکیشن جو ہائی کورٹ نے معطل کیا تھا اسے بحال کرتے ہوئے قرار دیا ہے کہ آئی جی جیل کی تعیناتی کے خلاف پٹیشن ہائی کورٹ کے دائرہ اختیار میں نہیں ہے اس طرح ملک مبشر احمد خان دوبارہ تعیناتی کے لیے جو پر امید دکھائی دے رہے تھے کامیابی ان کا مقدر نہیں بن سکی۔ درحقیقت پوسٹ مارٹم رپورٹ سے فرانزک کے ذریعے آپ اصل قاتلوں تک پہنچ سکتے ہیں، یہ جو سیاسی جماعتوں کی آپس میں لڑائی چل رہی ہے یہ جو سیاسی تنا ہے اس میں کہیں ایسا نہ ہو کہ علی بلال عرف ظل شاہ کہیں گم ہو جائے، اور یہ جو آپ کہہ رہے ہیں کہ پوسٹ مارٹم رپورٹ دبایا یک طرفہ پیش کی گئی ہے تو پروفیسر صاحب فرما رہے ہیں کے پوسٹ مارٹم دوبارہ بھی کروایا جا سکتا ہے لہذا اگر آپ نے ظل شاہ کے قاتلوں کو پکڑنا ہے اور اس کے خاندان کو انصاف دلوانا ہے تو تھوڑی دیر کے لئے سیاست کو اٹھا کر سائیڈ پر رکھ دیجئے اور میرٹ پر فیصلہ کیجئے کہ کیا ہم نے اس کیس کو منطقی انجام تک پہنچانا ہے اور جو لوگ اس میں ملوث ہیں انہیں سزا دلوانی ہے یہ چھوڑ دیں کہ ہماری ایف آئی آر درج نہیں ہو رہی یہ تمام چیزیں ایک طرف ہو جائیں گی کیونکہ افراد پر پریشر ڈال کر بیانات بھی دلوائے جا سکتے ہیں ایسے کردار بھی پیدا کیے جا سکتے ہیں لیکن پوسٹ مارٹم کی صورت میں جو ڈاکومنٹ موجود ہے اگر اس کا فرانزک کروا لیا جائے تو آپ اصل کرداروں تک ضرور پہنچ جائیں گے۔ دوسرا یہ کہ تحریک انصاف کی جانب سے جوڈیشل انکوائری کا مطالبہ ایک جائز بات ہے اگر نگران حکومت اس سے راہ فرار اختیار کرتی ہے تو کوئی بھی ان کی بے گناہی کو ماننے کے لیے تیار نہیں ہوگا۔ کہاں ایک نہایت کم حیثیت عورت اور کہاں کھرب ہا کھرب کی لاگت سے تعمیر ہونے والا انٹرنیشنل ائر پورٹ۔ کہاں کسی غریب عورت کی نیند کا سوال اور کہاں 5 گھنٹوں کے لیے فلائٹ بند کرنے کے نتیجے میں لاکھوں ڈالر آمدنی کم ہوجانے کا نقصان لیکن جن قوموں کے نزدیک انسانوں، ان کی جان و مال، ان کی مشکلات، ان کے مسائل اور ان کے حقوق کی پاس داری کا خیال ہوتا ہے۔

شوبز SHOWBIZ

کنگ خان کا بالی ووڈ پر راج برقرار، "پٹھان" نے تمام ریکارڈ توڑ دیے

چوتھے نمبر پر ایکشن اسٹار ہریتھک روشن ہیں اور امکان ظاہر کیا جا رہا ہے

ممبئی (شوبز نیوز) شاہ رخ خان کی بالی وڈ میں شہنشاہی برقرار ہے اور 'پٹھان' کی کامیابی کے ساتھ انہوں نے سب کو پیچھے چھوڑ دیا۔ کنگ خان کی فلم پٹھان کے ساتھ دھماکہ خیز واپسی ہوئی ہے، پٹھان پوری دنیا سے اب 1000 کروڑ انڈین روپے سے زائد بزنس کرچکی ہے، جس نے کنگ خان کو بالی وڈ میں نمبرون بنا دیا ہے۔ دوسرے نمبر پر دبنگ اسٹار سلمان خان ہیں، جن کی شہرت پر فلموں کی کامیابی اور ناکامی سے کوئی اثر نہیں پڑتا جبکہ فہرست میں تیسرے نمبر پر اکشے کمار براجمان ہیں، اگرچہ ان کو اپنی نئی فلموں کے فلاپ ہونے کا صدمہ سہنا پڑا لیکن ان کی شہرت میں کوئی کمی نہیں آئی۔ چوتھے نمبر پر ایکشن اسٹار ہریتھک روشن ہیں اور امکان ظاہر کیا جا رہا ہے کہ فائٹر کی ریلیز کے بعد وہ مزید اونچائیاں فتح کریں گے جبکہ رنبیر کپور پانچویں نمبر پر موجود ہیں، ان کی نئی فلم تو جھوٹا میں مکار بالی وڈ میں اچھا بزنس کر رہی ہے۔ کارتک آریان چھٹے جبکہ عامر خان ساتویں نمبر پر موجود ہیں، عامر خان کے مداح اس وقت کے منتظر ہیں۔

سنیتا مارشل لیڈی پولیس آفیسر کا کردار ادا کرنے کی خواہشمند

حال ہی میں سنیتا مارشل نے نجی ٹی وی کے ایک پروگرام میں شرکت کی



لاہور (شوبز نیوز) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ سنیتا مارشل نے لیڈی پولیس آفیسر کا کردار ادا کرنے کی خواہش کا اظہار کر دیا۔ سنیتا مارشل ایک خوبصورت پاکستانی ماڈل اور اداکارہ ہیں، ان کے حالیہ ڈراموں خدا اور محبت 3، پنجرا اور اولاد کو ناظرین نے بہت سراہا جبکہ میرا سائیں میں بھی ان کی اداکاری کو مداحوں نے بے حد پسند کیا تھا۔ حال ہی میں سنیتا مارشل نے نجی ٹی وی کے ایک پروگرام میں شرکت کی جہاں انہوں نے اپنے مختلف پروجیکٹس کے حوالے سے بات کی اور یہ بھی بتایا کہ وہ مستقبل میں کس قسم کے کردار ادا کرنا چاہتی ہیں۔

انقلابی شاعر حبیب جالب کو ہم سے بچھڑے 30 برس بیت گئے

لاہور (شوبز نیوز) کبھی جیل کاٹی تو کبھی ظلم و تشدد سہا لیکن ہمت نہ ہاری، عوام کے مسائل اور خیالات کے ترجمان شاعر حبیب جالب کو ہم سے بچھڑے 30 برس بیت گئے۔ 24 مارچ 1928 کو ہوشیار پور میں پیدا ہونیوالا یہ عہد ساز شاعر تا عمر عوام کے حقوق کی آواز بلند کرتا رہا، انہوں نے صحافت کو اپنا ذریعہ معاش بنایا ساتھ ہی ساتھ ان کی نظمیں مختلف رسالوں اور اخباروں کی زینت بنتی رہیں۔ جی دیکھا ہے مر دیکھا ہے۔۔ ہم نے سب کچھ کر دیکھا ہے۔

بھارت سمیت دیگر ممالک ہمارے ڈراموں کا مقابلہ نہیں کرسکتے: ثانیہ سعید

پاکستان ڈرامہ انڈسٹری میں آنے والے نئے اداکار اچھا کام کررہے ہیں، اداکارہ

لاہور (شوبز نیوز) پاکستان کی معروف اداکارہ ثانیہ سعید نے کہا کہ بھارت سمیت دیگر ممالک ہمارے ڈراموں کا مقابلہ نہیں کرسکتے۔ اداکارہ ثانیہ سعید نے کہا ہے کہ پاکستان ڈرامہ انڈسٹری میں آنے والے نئے اداکار اچھا کام کر رہے ہیں، بھارت سمیت دیگر ممالک کے ٹی وی ڈرامے موضوع کے اعتبار پاکستانی ڈرامے کا مقابلہ نہیں کر سکتے پاکستان کے ڈرامے میں آج بھی اپنی ثقافت کے دائرے میں رہتے ہوئے موضوعاتی کام ہو رہا ہے۔ ثانیہ سعید کا مزید کہنا تھا کہ شوبز کی دنیا میں آنے والے تمام اداکار اچھا کام کر رہے ہیں۔

پاک فیسٹ کنسرٹ کے منتظمین میرا نام استعمال کرکے ٹکٹ بیچ رہے ہیں: آئمہ بیگ

لاہور (شوبز نیوز) گلوکارہ آئمہ بیگ نے ان کنسرٹ منتظمین پر سخت تنقید کی ہے جو ان کا نام استعمال کرکے ٹکٹ بیچ رہے ہیں۔ آئمہ بیگ نے دعوی کیا ہے کہ وہ پیمنٹ نہ ہونے کی وجہ سے پاک فیسٹ کے کنسرٹ میں جانے سے انکار کرچکی تھیں لیکن پھر بھی ان کے نام پر ایونٹ کے ٹکٹ فروخت کیے گئے۔ اپنی انسٹاگرام پوسٹ میں گلوکارہ کا کہنا تھا کہ میرے انکار کے بعد پروگرام کے منتظمین کو میرا نام استعمال نہیں کرنا چاہیے تھا۔

دی پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی ہسپتال
12-I اسلام آباد (051-9278157-59)

ٹینڈر نوٹس

پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی ہسپتال، آئی۔ جے۔ روڈ 12-I، اسلام آباد کو مالی سال 2023-24 کے لئے مختلف اشیاء کی فراہمی کے لیے [illegible]
ٹینڈر فارم جس میں ٹینڈر کے متعلق تمام تفصیل [illegible] (08:00-02:00) [illegible]
2000/- روپے [illegible] میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سوشل سکیورٹی ہسپتال، اسلام آباد [illegible]
(Estimated Price of Qouted Items) Bid Security [illegible] CDR [illegible]
(Estimated Amount) [illegible] (Bid Security) [illegible]
(Technical Offer) [illegible] (Financial Offer) [illegible]
(Technical Offer) [illegible] (Financial Offer) [illegible]
Technical Offer [illegible] Financial Offer [illegible]
www.pessi.gop.pk www.ppra.punjab.gov.pk [illegible] PPRA RULES [illegible]

نمبر شمار	تفصیل ٹینڈر	تاریخ وصولی ٹینڈر	تاریخ کشادگی ٹینڈر
1	ایکسرے فلمز اینڈ کیمیکل	05-04-2023 09:00 AM	05-04-2023 10:00 AM
2	ڈائیلائیزر ڈسپوزیبل و سلوشن	05-04-2023 09:00 AM	05-04-2023 10:30 AM
3	بلڈ بنک اور لیب کٹ کیمیکل وغیرہ	05-04-2023 09:00 AM	05-04-2023 11:00 AM
4	ریجنٹ کرایہ کی بنیاد پر لیبارٹری مشینری (Equipment) کی فراہمی	05-04-2023 09:00 AM	05-04-2023 11:30 AM
5	[illegible]	06-04-2023 09:00 AM	06-04-2023 10:00 AM
6	جنرل فارمیسی برائے فراہمی ادویات مریضاں	06-04-2023 09:00 AM	06-04-2023 10:30 AM
7	جنرل لیبارٹری برائے مختلف کلینیکل ٹیسٹ	06-04-2023 09:00 AM	06-04-2023 11:00 AM
8	CT/MRI/Echo/ETT/USG etc کے لئے میڈیکل امیجنگ سنٹر	07-04-2023 09:00AM	07-04-2023 10:00 AM
9	میڈیکل گیسز کی فراہمی	07-04-2023 09:00AM	07-04-2023 10:30 AM
10	پرنٹنگ اینڈ سٹیشنری	07-04-2023 09:00AM	07-04-2023 11:00 AM

ڈاکٹر زاھد نعمان
میڈیکل سپرنٹنڈنٹ
IPL:2041

سپورٹس SPORTS

رمیز راجا کا قومی ٹیم کی کپتانی بارے قیاس آرائیوں پر ردعمل سامنے آگیا

انہوں نے مزید کہا کہ کپتانی کی جنگ سے ڈریسنگ روم کا ماحول خراب ہوگا

لاہور (سپورٹس نیوز) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے سابق چیئرمین رمیز راجا کا قومی ٹیم کی کپتانی کے حوالے سے قیاس آرائیوں پر ردعمل سامنے آگیا۔ پی سی بی کے سابق چیئرمین کا کہنا ہے کہ قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم، فاسٹ بالر شاہین آفریدی اور سپنر شاداب خان پاکستان کے اہم ترین کھلاڑی ہیں، افسوس ہے کہ تینوں اہم کھلاڑی کپتانی کی جنگ میں آمنے سامنے ہیں۔ رمیز راجا نے کہا کہ پی سی بی ماضی سے سبق سیکھے، 90 کی دہائی میں کپتانی سے متعلق افواہوں کی وجہ سے پاکستان کرکٹ تباہ ہوئی تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کپتانی کی جنگ سے ڈریسنگ روم کا ماحول خراب ہوگا، بابر اعظم کی وائٹ بال میں بنی ٹیم پر بھی اسکا اثر پڑے گا۔ خیال رہے کہ افغانستان کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز میں کپتان بابر اعظم کو آرام کروانے اور دیگر سینئر کھلاڑیوں کو سکواڈ میں شامل کیے۔

نورالعین نے میکڈونلڈز سکواش چیمپئن شپ کا ٹائٹل جیت لیا

بوائز انڈر 15 کا فائنل پی اے ایف کے نعمان خان نے جیت لیا

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) واپڈا کی نورالعین نے پہلی میکڈونلڈز آل پاکستان جونیئر اینڈ ویمن سکواش چیمپئن شپ کا ویمنز سنگلز کا ٹائٹل جیت لیا۔ جہانگیر خان سکواش کمپلیکس پی ایس بی کراچی سینٹر میں کھیلے گئے ایونٹ کے ویمنز سنگلز کے فائنل میں واپڈا کی نورالعین نے پنجاب کی رشا محبوب کو سخت مقابلے کے بعد 2-3 سے شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کیا۔ بوائز انڈر 17 کے فائنل میں خیبر پختونخوا کے عمیر عارف نے آرمی کے اذلان علی کو 9-11، 8-11 اور 12-10 سے شکست دے کر چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کیا۔ گرلز انڈر 15 کے فائنل میں سندھ کی سحرش علی نے کے پی کی رانیہ قاضی کو 13-11، 6-11، 9-11، 11 اور 7-11 سے ہرا کر ٹائٹل اپنے نام کیا جبکہ بوائز انڈر 15 کا فائنل پی اے ایف کے نعمان خان نے جیت لیا۔ واپڈا کی نورالعین نے پہلی میکڈونلڈز آل پاکستان جونیئر اینڈ ویمن سکواش چیمپئن شپ کا ویمنز سنگلز کا ٹائٹل جیت لیا۔ جہانگیر خان سکواش کمپلیکس پی ایس بی کراچی سینٹر میں کھیلے گئے ایونٹ کے ویمنز سنگلز کے فائنل میں واپڈا کی نورالعین نے پنجاب کی رشا محبوب کو سخت مقابلے کے بعد 2-3 سے شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کیا۔ بوائز انڈر 17 کے فائنل میں خیبر پختونخوا کے عمیر عارف نے آرمی کے اذلان علی کو 9-11، 8-11 اور 10-12 سے شکست دے کر چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کیا۔

17 ویں نیشنل ویمن بیس بال چیمپئن شپ کا اسلام آباد میں آغاز

خیال رہے کہ چیمپئن شپ میں ملک بھر سے 8 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پاکستان بیس بال فیڈریشن کے زیر اہتمام 17 ویں نیشنل ویمن بیس بال چیمپئن شپ کا آغاز ہوگیا، ایونٹ کے افتتاحی روز اسلام آباد اور خیبر پختونخوا نے اپنے اپنے میچز جیت لئے۔ پاکستان سپورٹس کمپلیکس اسلام آباد میں چیمپئن شپ کے افتتاحی روز پہلے میچ میں اسلام آباد نے بلوچستان کو 4-9 سے شکست دی جبکہ دوسرے میچ میں خیبر پختونخوا نے سندھ کو 9-2 ہرا دیا۔ خیال رہے کہ چیمپئن شپ میں ملک بھر سے 8 ٹیمیں حصہ لے رہی ہیں جن میں پنجاب، سندھ، بلوچستان، خیبر پختونخوا، اسلام آباد کے علاوہ پاکستان آرمی، پاکستان واپڈا، ہائر ایجوکیشن کمیشن (ایچ ای سی) کی ٹیمیں شامل ہیں۔ یاد رہے کہ چیمپئن شپ میں پاکستان واپڈا کی ٹیم اپنے ٹائٹل کا دفاع کر رہی ہے۔ یاد رہے کہ چیمپئن شپ میں پاکستان واپڈا کی ٹیم اپنے ٹائٹل کا دفاع کر رہی ہے۔

کراچی گیمز: 2023 باکسنگ ایونٹ ضلع جنوبی نے جیت لیا

کراچی (سپورٹس نیوز) کراچی گیمز 2023 باکسنگ ایونٹ ضلع جنوبی نے جیت لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دو روزہ مقابلوں میں کراچی کے 05 اضلاع کے 70 باکسرز نے حصہ لیا اور فائنل میں 10 مقابلے ہوئے۔ مقابلوں میں کراچی ساؤتھ نے 09 گولڈ لیکر پہلی، کراچی ویسٹ نے 03 گولڈ لے کر دوسری اور ملیر نے 02 گولڈ کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔ قبل ازیں سیکرٹری کراچی باکسنگ عبدالرزاق بلوچ نے مہمان خصوصی کو ٹورنامنٹ کی تفصیلات سے آگاہ کیا، نتائج کے مطابق محمد عمر نے زید کو 1-2 سے، فرہاد نے عمر فاروق کو 1-2 سے، اسامہ نے فیض علی کو 0-3 سے، فیضان رضا نے معراج الدین کو 0-3 سے، ضیف نے نصیر اختر کو 0-3 سے، جنید علی نے سمیر کو 1-2 سے، سیلان نے علی عمر کو 1-2 سے، مصدق نے دانیال کو 1-2 سے، بختاور نے وردا کو 0-3 سے، حفیفہ کمانڈو نے زہرہ کو 0-3 سے، اریبہ نے مہوش کو 1-2 سے شکست دی۔

پلے آف مرحلے میں مربوط حکمت عملی کے ساتھ کھیلیں گے: شاداب خان

راولپنڈی (سپورٹس نیوز) اسلام آباد یونائیٹڈ کے کپتان شاداب خان نے کہا ہے کہ ہار جیت کھیل کا حصہ ہے، پلے آف مرحلے میں مربوط حکمت عملی کے ساتھ میدان میں اتریں گے اور پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) (کا ٹائٹل جیتنے کی) کوشش کریں گے۔ پشاور زلمی کے خلاف میچ میں شکست کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے یونائیٹڈ کے کپتان نے کہا کہ ابتدائی راؤنڈ میں ٹیم کی کارکردگی اچھی رہی اور ہم نے پلے آف میں جگہ بنائی تاہم میچ ہم ہارے ان میں غلطیاں سرزد ہوئیں اور ہم ٹاپ ٹو میں جگہ نہیں بنا سکے۔

انگلش کپتان بین سٹوکس کا کپڑوں سے بھرا بیگ چوری

میں امید کرتا ہوں کہ میرے کپڑے آپ کے لیے بہت بڑے ہوں گے، بین سٹوکس

لندن (سپورٹس نیوز) انگلش کرکٹ ٹیم کے کپتان بین سٹوکس کا کپڑوں سے بھرا بیگ چوری ہو گیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق انگلش رگبی ٹیم کا فرانس کے خلاف میچ دیکھنے کے لیے کاؤنٹی کمبریا میں واقع اپنے گھر سے لندن کے سفر کے دوران کنگز کراس سٹیشن پر بین سٹوکس کا کپڑوں سے بھرا بیگ چوری ہو گیا۔ بین سٹوکس نے سفر کے دوران اپنا بیگ چوری ہونے کی اطلاع سوشل میڈیا پر دی۔ سوشل میڈیا پر جاری بیان میں بین سٹوکس نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ کنگس کراس ریلوے سٹیشن پر جس نے میرا بیگ چوری کیا۔

سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام جشن بہاراں سپورٹس ایونٹس کے نتائج کا اعلان

لاہور (سپورٹس نیوز) سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے جشن بہاراں سپورٹس ایونٹس کے نتائج کا اعلان کر دیا گیا۔ نتائج کے مطابق جشن بہاراں ٹور ڈی لاہور سائیکل ریس (42 کلومیٹر) کراچی کے علی الیاس نے جیت لی جبکہ عبدالباسط نے دوسری اور عاقب شاہ نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ جشن بہاراں وومن ٹور ڈی لاہور سائیکل ریس (5 کلومیٹر) میں راحیلہ شبیر نے پہلی، رضیہ حنیف نے دوسری اور کراچی کی زینب نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ جشن بہاراں فیملی فن ریس کی فتح کا سہرا عامر عباس کے سر سجا جبکہ سمیع اللہ نے دوسری اور اسامہ نے تیسری پوزیشن حاصل کی، ویل چیئر ریس میں عبدالرزاق فاتح قرار پائے جبکہ اظہر اور زاہد نذیر نے بالترتیب دوسری اور تیسری پوزیشن حاصل کی۔ سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے جشن بہاراں سپورٹس ایونٹس کے نتائج کا اعلان کر دیا گیا۔ نتائج کے مطابق جشن بہاراں ٹور ڈی لاہور سائیکل ریس (42 کلومیٹر) کراچی کے علی الیاس نے جیت لی جبکہ عبدالباسط نے دوسری اور عاقب شاہ نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔

پشاور: واپڈا نے نیشنل باڈی بلڈنگ چیمپئن شپ جیت لی

چیمپئن شپ میں واپڈا نے مجموعی طور پر 142 پوائنٹس حاصل کیے

پشاور (سپورٹس نیوز) واپڈا نے نیشنل باڈی بلڈنگ چیمپئن شپ جیت لی ہے، آرمی کی چیمپئن شپ میں دوسری رہی۔ نیشنل باڈی بلڈنگ چیمپئن شپ پشاور میں منعقد ہوئی، چیمپئن شپ میں واپڈا نے مجموعی طور پر 142 پوائنٹس حاصل کیے۔ واپڈا نے چیمپئن شپ میں 8 گولڈ حاصل کیے، اس کے علاوہ واپڈا کے تن سازوں نے 5 سلور اور 5 برونز میڈل بھی اپنے کیے۔ واپڈا نے نیشنل باڈی بلڈنگ چیمپئن شپ جیت لی ہے، آرمی کی چیمپئن شپ میں دوسری رہی۔ نیشنل باڈی بلڈنگ چیمپئن شپ پشاور میں منعقد ہوئی، چیمپئن شپ میں واپڈا نے مجموعی طور پر 142 پوائنٹس حاصل کیے۔ واپڈا نے چیمپئن شپ میں 8 گولڈ حاصل کیے، اس کے علاوہ واپڈا کے تن سازوں نے 5 سلور اور 5 برونز میڈل بھی اپنے کیے۔ واپڈا نے نیشنل باڈی بلڈنگ چیمپئن شپ جیت لی ہے، آرمی کی چیمپئن شپ میں دوسری رہی۔ نیشنل باڈی بلڈنگ چیمپئن شپ پشاور میں منعقد ہوئی۔

قومی ٹین پن بالنگ چیمپئن شپ، ٹیم ایونٹ کا ٹائٹل احمر، روبرٹ، سجاد فضل نے جیت لیا

اسلام آباد (سپورٹس نیوز) پاکستان ٹین پن بالنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام قومی ٹین پن بالنگ چیمپئن شپ میں ٹیم ایونٹ کا ٹائٹل احمر، روبرٹ، سجاد فضل نے جیت لیا، مینز سنگلز کا فائنل اتوار کو کھیلا جائے گا۔ لیزر سٹی بالنگ کلب میں کھیلے گئے ٹیم ایونٹ میں افضال، سکندر، دانیال شاہ نے دوسری پوزیشن جبکہ اعجاز الرحمان، محمد حسین چٹھہ، دانیال اور رانا شہزاد نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس
14 مارچ 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 14 مارچ 2023ء صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک اسلام آباد سرکل، ایس پی ڈی، جی ایچ کیو، ڈی سی آئی فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، بی بی شہید ہسپتال، ٹھنہ روڈ، گلزار قائد، ائیر پورٹ، لنگال فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، ایس پی ڈی۔II، پی اے ایف، آر آئی سی، گریسی لائن، رحمت آباد۔I، جہانگیر روڈ فیڈرز، چکوال سرکل، سی ایس شاہ، ڈنڈوت، سی بی آر۔I&II، کلر کہار فیڈرز، جہلم سرکل، F-3 گل افشاں، کرمالہ، ممتاز شہید، کرنل اکرم، دینہ سٹی، ریاض شہید، بکرالہ، چمالہ، منگلہ ایکسپریس فیڈرز، اٹک سرکل، مسکین آباد، غور غشتی، کامرہ رورل، مانسر، گوندل، حاجی شاہ، حمید، خان آباد، لالہ رخ، لالہ زار، سال انڈسٹریل، پورمیانہ، گڑھی افغان فیڈرز فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

دے سکتے تھے؟۔ درخواست گزار کے وکیل نے عمران خان کے ٹیریان کیس میں دیئے گئے بیان حلفی کی کاپی پیش کی۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے پوچھا کہ کیا آپ کے پاس یہی ایک ڈاکومنٹ ہے اسی پر انحصار ہے؟ بیان حلفی میں تو گارجین شپ کا لکھا ہے، اس گارجین شپ میں والد ہونے کا تو ذکر نہیں، یہ فارن ڈاکومنٹ ہے اور ایکس پارٹی آرڈر ہے، اس ڈاکومنٹ کو مکمل نہیں کہہ سکتے، درخواست گزار نے عمران خان کا بیٹی کو تسلیم کرنا ثابت کرنا ہے، اگر بیٹی نے بھی کہا ہو کہ میرا باپ ہے تو یہ بھی عمران خان پر بائنڈنگ نہیں۔ جسٹس محسن اختر کیانی نے کہا کہ آپ کو انتہائی واضح الفاظ میں عمران خان کا اعتراف دکھانا ہوگا، دکھائیں کہاں عمران خان نے ٹیریان کا والد ہونا تسلیم کیا، آپ کہہ رہے ہیں عمران خان والد ہیں ٹیریان کے وہ نہیں مانتے، آپ کو اب ریکارڈ سے دکھانا ہوگا وہ ٹیریان کے والد ہیں، درخواست گزار نے واضح الفاظ میں عمران خان کی ٹیریان کی ولدیت ظاہر کرنی ہے، پہلے آپ ثابت کریں گے یہ لڑکی عمران خان کی بیٹی ہے پھر 62 ون ایف کا معاملہ آئے گا۔ وکیل نے کہا کہ گارجین شپ دینے کا ایک جمائمہ نے ایک عمران خان نے no objection certificate دیا، عمران خان اور جمائمہ خان نے ٹیریان کی سرپرستی کیلئے رضامندی دی، کسی تیسرے نے ٹیریان کی سرپرستی کیلئے رضامندی کیوں نہیں دی۔ چیف جسٹس نے کہا کہ کیا وہاں جو کیس فائل ہوا اس کی کاپی آپ کے پاس ہے؟ کوئی ایک ڈاکومنٹ تو آپ کے پاس ہو جس میں ہم دیکھیں۔ وکیل نے کہا کہ یہ سارا غیر ملکی ریکارڈ عدالت کے سامنے ہے جو دفتر خارجہ سے تصدیق شدہ ہے، عمران خان کا تعلق نہیں تھا تو گارجین شپ کا بیان حلفی کیوں دیا؟۔

بقیہ 2

ہے، عمران خان کو گرفتار یا نااہل کرنے کا کوئی جواز نہیں، مائنس ون والا فارمولہ ماضی میں بھی ناکام ہوا اور آج بھی ہوگا۔ اداروں پر تنقید ہماری پالیسی کا حصہ نہیں، ظل شاہ کی ہلاکت پر حکومتی بیانیہ تسلیم نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا کہ ظل شاہ کی ہلاکت پر جوڈیشل کمیشن بنانے کا مطالبہ کیا ہے، توشہ خانہ تفصیلات دیکھ چکا ہوں اور دفاع کیلئے تیار ہوں۔ میں نے توشہ خانہ کا کوئی تحفہ مفت نہیں رکھا، میرے پاس تحائف کے خریدنے کی رسیدیں موجود ہیں۔ قبل ازیں چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کا کہنا تھا کہ میری گرفتاری کی صورت میں پلان تیار ہے، مجھے نظر آرہا ہے کہ صرف عدلیہ ہی ملک کو تباہی سے بچاسکتی ہے، اگر یہ ہم سے بہتر معیشت چلاتے تو میں چپ کر الیکشن کا انتظار کرتا۔ جنہوں نے این آر او لیا ان کو مجھ سے خطرہ تو ہونا ہی ہے، ملک کا کوئی قانون ہے یا اسے ملکہ کے حکم پر چلانا ہے؟ عمران خان نے کہا کہ اختلاف کرتے ہیں تو اس کا مقصد یہ نہیں کہ ہم اداروں سے لڑائی کریں گے، ملک مقروض کر کے پیسے باہر لے گئے تو یہ ملک کیسے ٹھیک کر سکتے ہیں؟ صاف شفاف انتخابات کے علاوہ ملک کو دلدل سے نکالنے کا کوئی راستہ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جام پور کے الیکشن سے ان کی کانپیں ٹانگنے لگی ہیں، ان کا ایک نکاتی ایجنڈا ہے کسی طرح الیکشن سے نکل جاؤ، ان کا پلان تھا ہم سب کو باہر کر کے الیکشن کراتے، کل جتنے لوگ تھے مجھے خوف ہوا کہ نکلے تو خون خرابہ ہوگا۔

بقیہ 3

رابطہ کیا، نواز شریف نے دونوں رہنماؤں سے پنجاب اسمبلی کے انتخابات پر بات چیت کی۔ مریم نواز نے امیدواروں کے چناؤ سے متعلق اپنی سفارشات نواز شریف کو بتائیں، جبکہ ن لیگ نے صوبائی اسمبلی کی تمام نشستوں پر اپنے امیدوار کھڑے کرنے کا فیصلہ کیا۔ ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے مزید بتایا گیا کہ ن لیگ کے حتمی امیدواروں کا انتخاب پارلیمانی بورڈ کی سفارشات اور انٹرویوز کے بعد ہوگا، نواز شریف پارلیمانی بورڈ کی خود صدارت کریں گے۔ مسلم لیگ ن کے قائد نے ٹیلی فونک گفتگو میں کہا کہ پنجاب اسمبلی انتخابات کیلئے ٹکٹ میرٹ پر دیئے جائیں گے اور پارٹی ٹکٹ دیتے وقت نظریاتی کارکنوں کو نظرانداز نہیں کیا جائے گا۔ یاد رہے کہ دو روز قبل سینئر نائب صدر مسلم لیگ ن مریم نواز کی زیر صدارت فیصل آباد ڈویژن کا تنظیمی اجلاس ہوا، مریم نواز نے فیصل آباد میں کارکنوں اور عہدیداروں کو کامیاب ورکرز کنونشن کرانے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کارکنوں کا جذبہ متاثرکن تھا، مسلم لیگ ن الیکشن میں جیت کیلئے اترے گی۔ کنونشن سے ثابت ہوا مسلم لیگ ن نوجوانوں کی جماعت ہے، پورے ملک نے فیصل آباد کے شیروں کی آواز کی گونج سنی۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا کی طاقت مثبت سوچ کیلئے استعمال کریں۔ معاشرے میں نفرتوں کی آگ کو ختم کرنا ہوگا، بدقسمتی سے سوشل میڈیا کو منفی سوچ کا ذریعہ بنادیا گیا، ن لیگ سوشل میڈیا کے رضا کار اس سوچ کا صفایا کریں۔

بقیہ 4

ساتھ مشاورت ہوئی۔ رہنماؤں میں شاہ محمود، اسد عمر، خالد خورشید، اسد قیصر، اعجاز چوہدری اور مسرت جمشید چیمہ بھی شامل تھے۔ مشاورت میں ریلی انتظامات اور دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا اور بتایا گیا کہ ریلی کچھ دیر بعد زمان پارک سے شروع ہوگی، عمران خان کو مختلف علاقوں سے آنے والے قافلوں سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر چیئرمین تحریک انصاف عمران خان کا کہنا تھا کہ میری جان کو خطرہ ہے اس لئے عدالت سے تحفظ مانگ رہے ہیں، عدالت سے کہہ رہا ہوں کہ جان خطرے میں ہے سکیورٹی دیں۔ عمران خان کا کہنا تھا کہ اپنے خلاف مقدمات میں عدالتوں میں پیش ہونے میں کوئی مسئلہ نہیں، پاکستان میں دہشت گردی کی فضاء ہے اور ہم اس کا مقابلہ کررہے ہیں۔

بقیہ 5

کو سستے پٹرول کی فراہمی کا بھی اصولی فیصلہ کیا، وزیراعظم کی ہدایت پر موٹر سائیکل اور رکشہ والوں کو مہنگائی کے اثرات سے بچانے کے لیے سستے پٹرول کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ اجلاس کو موٹر سائیکل اور رکشہ والوں کیلئے رعایتی پٹرول پر بھی بریفنگ دی گئی، وزیراعظم شہباز شریف نے متعلقہ افسروں کو پروگرام کو حتمی شکل دے کر جلد پیش کرنے کی ہدایت کردی۔ شہباز شریف نے کہا کہ موٹر سائیکل اور رکشہ والے معاشی طور پر کمزور طبقے سے تعلق رکھتے ہیں، حکومت ان کو مہنگائی سے بچانے کیلئے ہر ممکن اقدام کرے گی۔

بقیہ 6

جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے ہدایت کی کہ کپاس کی سپورٹ پرائس جلد از جلد اقتصادی رابطہ کمیٹی سے منظور کروانے کیلئے پیش کی جائے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت زرعی ٹاسک فورس کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں کپاس کی پیداوار بڑھانے اور کپاس کی سپورٹ پرائس مقرر کرنے پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ اجلاس میں وفاقی وزراء اسحاق ڈار، سید نوید قمر، طارق بشیر چیمہ، نگران وزیراعلی پنجاب سید محسن رضا نقوی، مشیر وزیر اعظم احد چیمہ اور متعلقہ اعلی حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ گزشتہ برس سیلاب، بارشوں، نہری پانی کی قلت اور کھاد کے بحران کی وجہ سے کپاس کی پیداوار میں خاطر خواہ کمی واقعہ ہوئی، رواں سال کپاس کی مجموعی پیداوار کا تخمینہ 12.77 ملین بیلز لگایا گیا ہے

بقیہ 7

موٹر سائیکل سوار پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے سینئر ممبران شیخ صلاح الدین، سخاوت حسین مغل کو گاڑی نمبری BG-5571 نے ٹکر ماری اور اس کے ساتھ گاڑی نامعلوم نے موٹر سائیکل سواروں کو کچل ڈالا اور موقع سے فرار ہو گئے، اطلاع ملتے ہی پولیس تھانہ گوجرخان موقع پر پہنچی اور نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹرویز پولیس کو بذریعہ وائرلیس اطلاع کی گئی کہ گاڑیوں کو ٹول پلازہ مندرہ پر روکا جائے اور حراست میں لیا جائے تاہم دونوں گاڑیاں مندرہ ٹول پلازہ سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئیں، پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان کے صحافیوں سمیت تحصیل بھر کے صحافیوں نے اس عمل پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے آئی جی نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹرویز پولیس سے مطالبہ کیا ہے کہ غفلت کے مرتکب افراد کیخلاف محکمانہ کارروائی کی جائے اور عملے کا قبلہ درست کیا جائے۔

بقیہ 8

انتخابات کے حوالے سے مشاورت کی گئی۔ پارٹی ذرائع کے مطابق مسلم لیگ ن نے پنجاب اسمبلی کے انتخابات میں تمام حلقوں میں امیدوار کھڑے کرنے کا فیصلہ کیا ہے، چیف آرگنائزر مریم نواز نے صوبے بھر کے امیدواروں کے چنا کے حوالے سے اپنی سفارشات نواز شریف کو ارسال کردی ہیں، مسلم لیگ ن کے حتمی امیدواروں کا چنا پارلیمانی بورڈ کی سفارشات اور انٹرویو کے بعد ہو گا۔ پارٹی ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف پارلیمانی بورڈ کی صدارت خود کریں گے۔ سابق وزیراعظم میاں نواز شریف نے گفتگو میں کہا کہ پنجاب اسمبلی انتخابات کے لئے ٹکٹ میرٹ پر دیے جائیں گے، پارٹی ٹکٹ دیتے وقت نظریاتی ورکرز کو نظر انداز نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 9

عمران خان رنگے ہاتھوں پکڑے گئے ہیں، شرمندہ ہونے کے ریلی نکالنے کا اعلان کر رہا ہے۔ جبکہ جاں بحق کارکن کے والد نے انکشاف کیا ہے کہ ان سے ملاقات کیلئے آنے والے پولیس کے نمائندوں نے کہا 100 فیصد یقین نہیں کہ یہ ایک حادثہ تھا، کہا گیا کہ ہوسکتا ہے کوئی دوسرا معاملہ ہو، وردی والا یا جو بھی ملوث ہوا اسے چھوڑیں گے نہیں، ہمارے پاس کسی قسم کی معلومات نہیں، تحقیقات ہوں گی تو اصل حقائق سامنے آئیں گے۔ پولیس والوں نے کہا ہے کہ ظل شاہ کی موت حادثہ ہے تو پھر اسے ثابت بھی کریں، جب ہمیں بلایا جائے گا تو جن لوگوں کو گرفتار کیا گیا ہم بھی ان سے سوالات کریں گے۔ میت کا جب جائزہ لیا تو سر پر سب سے گہری چوٹ تھی، جبکہ جسم کے دیگر حصوں پر بھی زخموں کے نشانات تھے۔ جاں بحق کارکن کے والد نے مزید بتایا کہ نگران حکومت اور پولیس نے جو پریس کانفرنس کی اس میں ہمیں نہیں بلایا گیا، جب تحقیقات مکمل ہوں گی اور رپورٹ سامنے آئے گی، ہوسکتا ہے ہم نہ مانیں کہ یہ ایک حادثہ تھا۔

بقیہ 10

اجلاس سولہ مارچ کو ہوگا۔ ذرائع کے مطابق چیف جسٹس سندھ ہائیکورٹ نے ایڈیشنل ججز کی تعیناتی کیلئے 9 ججز کے نام کی سفارش کردی ہی۔ چیف جسٹس سندھ ہائیکورٹ کے سفارش کردہ ناموں میں ایک خاتون وکیل کا نام بھی شامل ہی۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج امجد علی بوہیو، ایڈووکیٹ محمد عبدالرحمن اور ایڈووکیٹ خادم حسین سومرو، ایڈووکیٹ ارباب علی ہاکڑو، ایڈووکیٹ جواد اکبر سروانہ اور ایڈووکیٹ سلیم اختر بوریو، ایڈووکیٹ ثناء اکرم منہاس، ایڈووکیٹ راشد مصطفی اور ایڈووکیٹ سید طارق احمد شاہ کے نام شامل ہیں۔ سندھ ہائیکورٹ میں 40 ججز کی بجائے 29 ججز تعینات ہیں۔

بقیہ 11

کا نعرہ نہیں لگانا چاہیے، پارلیمنٹ میں بھی یوتھ کی بڑی تعداد ہونی چاہیے، کہیں یہ بات نہیں ہورہی کہ یوتھ کیلئے کیا کرنا ہے، بنگلا دیش کہاں نکل گیا اور ہم کہاں بیٹھے ہیں۔ مریم نواز نے کہا کہ خود گھر میں چھپ کر بیٹھے ہیں اور مار کھانے کیلئے بچوں کو سڑکوں پر چھوڑا ہوا ہے، عمران خان کہتے ہیں مریم نواز کو الیکشن مہم کی آزادی ہے مجھے نہیں، مریم کو یہ آزادی پلیٹ میں رکھ کر نہیں دی گئی، 4 سال جن حالات کا ہم نے سامنا کیا ان کو کسی نے انگلی بھی نہیں لگائی، عمران خان کی حکومت میں میرا ملتان میں جلسہ تھا، انہوں نے جلسہ نہیں کرنے دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ مجھے گاڑی پر کھڑے ہو کر جلسہ کرنا پڑا، آج کہتے ہیں مریم نواز کو آزادی ہے، تمہیں کس نے کہا ہے کہ بیڈ کے نیچے چھپ جا؟، نواز شریف صاحب نے قوم کے کسی بچے کو جیل میں نہیں ڈالا، وہ اپنی بیٹی کا ہاتھ پکڑ کر جیل گئے، ظل شاہ کی ماں نے کہا عمران خان کے اپنے بچے تو باہر بیٹھے ہیں، میرا بیٹا مروادیا، وہ ظل شاہ کے گھر تک نہیں گئے۔ مسلم لیگ (ن) کی رہنما نے کہا کہ قوم کا جو بیٹا شہید ہوا آپ کے دل میں اس کی عزت یہ تھی؟، پی ٹی آئی کارکن کی گاڑی میں ظل شاہ کو ہسپتال پھینک گئے، ان کو پتہ تھا اس کا ایکسیڈنٹ ہوا، ان کو سچائی کا پتہ تھا انہوں نے سچائی چھپائی، لیڈر یہ نہیں کہتا کہ چیک کرو باہر پولیس بیٹھی ہے یا نہیں، ظل شاہ باہر بیٹھا رہا اس نے کبھی اس کو منہ نہیں لگایا، اب اس کی لاش پر سیاست کررہا ہے۔ مریم نواز نے کہا کہ سائفر پر کھیلنے کا مطلب پاکستان کی تقدیر کے ساتھ کھیلنا ہے، ایبسولوٹلی ناٹ کا سبق پڑھا کر ایبسولوٹلی یس کرتے ہوئے نکل گئے، مجھے 100 فیصد یقین ہے اس کو پاکستان کو خراب کرنے کیلئے لانچ کیا گیا ہے، جو تم نے 4 سال ملک کے ساتھ کیا تمہیں کوئی کیوں دوبارہ وزیر اعظم بنائے، شہباز شریف حکومت نے توشہ خانہ کا ریکارڈ پبلک کردیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تحفے توشہ خانہ میں جمع کرانے کے بجائے گھر لے گیا، میں کہتی ہوں اس پر پاکستان میں بین لگنا چاہیے، جو لیڈر ہوتے ہیں فرنٹ پر لیڈ کرتے ہیں، نواز شریف نے ایٹمی دھماکے کر کے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا، انہوں نے بل کلنٹن کو انکار کر کے دھماکے کیے، اس وقت اگر یہ گیدڑ وزیراعظم ہوتا تو کہتا بل کلنٹن کا فون بند ہوا ہے یا نہیں۔ مسلم لیگ (ن) کی رہنما نے مزید کہا کہ ملک کو اس وقت نواز شریف کی ضرورت ہے، وہ 3 دفعہ وزیراعظم بنے، نواز شریف دور میں ملک کی گروتھ میں اضافہ ہوا، وہ گئے تو ملک نیچے کی طرف گیا، عدالت بلائے تو ٹانگ ٹوٹی اور جلسے کیلئے ہر وقت تیار ہوتا ہے، توشہ خانہ کی لسٹ میں مجھ پر گھڑی لینے کا جھوٹا الزام لگایا، اسی وقت میں نے ایف آئی اے، پیمرا کو جھوٹا الزام بھیجا۔ مریم نواز نے کہا کہ میرے نام پر گھڑی نہیں ایک پائن ایپل ہے، میرے خلاف اگر ایک پائن ایپل ملا ہے تو ڈوب کر مر جانا چاہیے، ایک طرف پائن ایپل، دوسری طرف 5 کیرٹ ہیرے کی انگوٹھی، عمران خان نے توشہ خانہ کے تحفے بیچ کر 3 نسلوں کی جائیدادیں بنالیں، مجھ پر جھوٹا الزام لگایا گیا، 5 ماہ جیل رہی، عدالت نے جھوٹے کیس کو اٹھا کر باہر پھینکا۔

بقیہ 12

نے جو شرائط عائد کیں معاشی ٹیم نے ان پر من وعن عملدرآمد کیا، آئی ایم ایف شرائط منوا کر انہی شرائط پر بات کر رہا ہے۔ ذرائع کے حوالے سے مزید بتایا گیا کہ وزیر خزانہ اسحاق ڈار امریکی سفیر سے آئی ایم ایف معاہدے پر بات کریں گے۔ امریکہ سے بات چیت کے بعد رواں ہفتے آئی ایم ایف معاہدہ طے پانے کا امکان ہے، آج بھی آئی ایم ایف کے ساتھ ورچوئل مذاکرات ہوں گے، جبکہ وزیر خارجہ بھی امریکی حکام سے آئی ایم ایف معاہدے پر بات چیت کر چکے ہیں۔ قبل ازیں وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے آئندہ چند روز میں آئی ایم ایف سے معاہدہ ہونے کی امید ظاہر کی تھی، انہوں نے کہا تھا کہ سابق وزیراعظم عمران خان نے آئی ایم ایف پروگرام سے انحراف کیا، ماضی میں غلط پالیسیوں کے باعث بجٹ خسارے میں اضافہ ہوا، ملکی معیشت کی بہتری کے لیے اقدامات کر رہے ہیں، ملکی معیشت کو دوبارہ ٹریک پر لانے کی کوشش جاری ہے۔ نئے بجٹ میں عوام کو ریلیف دینے کے لیے اقدامات کریں گے، جلد معاشی پالیسیوں پر قابو پالیں گے، پاکستان کی ترقی میں عالمی بینک کی جانب سے تعاون قابل تعریف ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی وجہ سے مہنگائی بڑھی اور ملکی قرضوں میں 24 ہزار ارب کا اضافہ کیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے ترقیاتی اداروں کے اعتماد کو نقصان پہنچایا، ہمیں معاشی سمیت مختلف چیلنجز کا سامنا ہے، گزشتہ سالوں کی پالیسیوں نے اچھی معیشت کو خراب کیا۔

بقیہ 13

اختیار پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ اسپیشل جج سینٹرل ون لاہور نے شہباز شریف کے بیٹے سلیمان شہباز کے خلاف شوگر مل کے ذریعے 16 ارب روپے کی منی لانڈرنگ کیس کی سماعت کی، سلیمان شہباز سمیت دیگر ملزمان عدالت پیش ہوئے اور حاضری مکمل کروائی۔ سلیمان شہباز کے وکیل امجد پرویز نے عدالت کو بتایا کہ بریت کی درخواستوں پر سماعت سے پہلے عدالتی دائرہ اختیار پر دلائل سن لیں، کیس کے مرکزی ملزمان شہباز شریف اور حمزہ شہباز کو عدالت بری کر چکی ہے، اس وقت موجود ملزمان پرائیویٹ افراد ہیں، اینٹی منی لانڈرنگ کا کوئی شیڈول عدالت کے دائرہ اختیار میں نہیں آتا، فرانزک ٹیسٹ کے بعد کسی ٹرانزیکشن کا تعلق مجرمانہ کاروائی سے نہیں ہے، عدالت کے سامنے مختلف عدالتی فیصلے پیش کیے گئے۔ ایف آئی اے کے وکیل نے بتایا کہ موجودہ ملزمان سیاسی اور پبلک آفس ہولڈر نہیں ہیں، ملزمان کے وکیل کے دائرہ اختیار کے حوالے سے دیئے گئے دلائل کو سپورٹ کرتا ہوں، ملزمان پر جرم ثابت نہیں ہوسکا، مجرمانہ فعل کی بات نہیں کر رہا لیکن عدالتی دائرہ اختیار پر ملزمان کے وکیل کی تائید کرتا ہوں، ملزمان پر قانونی کارروائی نہیں بنتی۔ بعدازاں عدالت نے دلائل مکمل ہونے پر عدالت کے دائرہ اختیار پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔

بقیہ 14

کے لئے سستا بازار قائم کیا جائے جبکہ سرکاری نرخوں پر آٹے کی فراہمی کیلئے اقدامات کیے جائیں۔ ایک بیان میں کوہ دامان کے سماجی رہنماء شوکت خان اوریزئی، یوسف خیل کے ناظم سراج خان، ناظم متنی ذوالفقار ایڈووکیٹ اور ٹھیکیدار نور محمد خان نے کہا کہ کوہ دامان میں متنی، اوریزئی، یوسف خیل، شریکیرہ، اضاخیل، مریم زئی سمیت کئی دیہات واقع ہیں اور لاکھوں آبادی ہے حکومت اور ضلعی انتظامیہ کو چاہیے کہ ان اضلاع کیلئے رمضان سے قبل سستا بازار قائم کریں اور عوام کو سرکاری نرخوں پر آٹے کی فراہمی کیلئے اقدامات کرے کیونکہ ان علاقوں کے عوام کو غربت اور بے روزگاری کا سامنا ہے انہوں نے کہا کہ اگر حکومت نے مذکورہ علاقوں کے عوام کے مسائل حل نہ کیے تو وہ احتجاج کرانے پر مجبور ہونگے۔

بقیہ 15

باصلاحیت ہیں اور انہوں نے ہر شعبے میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔ انہوں نے دولت مشترکہ کے فاؤنڈیشن ڈے پر تمام شرکا کو مبارکباد پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ امن کے قیام اور پائیدار ترقی کے حصول کیلئے دولت مشترکہ کی جنرل اسمبلی کی کاوشوں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار دولت مشترکہ کی فاؤنڈیشن ڈے پر منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اعظم کی معاون خصوصی روبینہ خورشید عالم نے کہا ہے کہ پاکستان کی پارلیمان میں عوام کی فلاح و بہبود کیلئے متعدد قانون سازیاں کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی پارلیمان میں قائم پارلیمانی ٹاسک فورس کو پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کیلئے سب سے پہلا اور متحرک ٹاسک فورس ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے پارلیمان میں قائم ہونے والا پارلیمانی چائلڈ کاکس بچوں کے حقوق پر قائم ہونے والا پہلا پارلیمانی کاکس ہے۔ ممبر قومی اسمبلی مہناز عزیز اکبر نے کہا ہے کہ معاشرے میں امن کے قیام اور پائیدار ترقی کیلئے پارلیمان کو تعلیمی اداروں کے ساتھ مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے تعلیمی اداروں پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بچوں کی تعلیم و تربیت کے سلسلے میں انہیں جدید خطوط سے آراستہ کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے امن کے قیام اور پائیدار ترقی کے حصول کیلئے دولت مشترکہ کی جنرل اسمبلی کی کوششوں کو سراہا۔ ایڈیشنل سیکرٹری قومی اسمبلی سیکرٹریٹ برائے خصوصی اقدامات سید شمعون ہاشمی نے کہا کہ دولت مشترکہ کی جنرل اسمبلی نے جمہوریت کی مضبوطی کیلئے نسلی تعصب سے بالاتر ہو کر اقدامات اٹھائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو غلط انفارمیشن کی بنیاد پر گمراہ کن پروپیگنڈوں سے محتاط رہنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان سوشل میڈیا کا ذمہ دارانہ استعمال کریں اور اس پلیٹ فارم کو پاکستان کا مثبت تشخص اجاگر کرنے کیلئے استعمال میں لائیں۔

بقیہ 16

بڑھانے سے خوشحالی آتی ہے، ٹیرف کا تحفظ خوشحالی نہیں لاتا۔ مصدق ملک نے کہا کہ سستا قرض اسکیم میں 600 ارب کی فیکٹریاں لگالیں لیکن چلانے کے لیے گیس نہیں ہے۔ پاکستان سعودی عرب اور بحرین سے سستی گیس اپنے فرٹیلائزر سیکٹر کو دیتا ہے۔ گیس کے شعبے میں امیر اور غریب کے لیے الگ الگ ٹیرف کر دیئے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ گیس کا جتنا بل غریب دے گا اس کا چار گنا بل امیر دے گا۔ مقامی گیس کا سرکلر ڈیٹ ختم کر دیا ہے۔ وفاقی وزیر مصدق ملک نے مزید کہا کہ معاہدہ ہو چکا، پاکستان اپنی ضرورت کا ایک تہائی ایندھن روس سے خریدے گا۔ قبل ازیں بتایا گیا کہ سستے تیل کی خریداری کے معاہدے کیلئے روس کی جانب سے پاکستان کی سنجیدگی کو شک کی نگاہ سے دیکھا جارہا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ روس کی جانب سے پاکستانی حکومت کو پیغام دیا گیا ہے کہ اگر تیل کی خریداری میں سنجیدہ ہیں تو پھر ٹیسٹ کیس کے طور پر تیل کا ایک کارگو روس سے امپورٹ کیا جائے۔ امکان ہے کہ روس سے تیل کا کارگو اپریل کے آخر تک پاکستان پہنچ سکتا ہے۔ مزید بتایا گیا ہے کہ روس پاکستان کو ایک لاکھ بیرل یومیہ تیل فروخت کرنے کی پیش کش کر چکا، اگر پاکستانی حکومت پیش کش قبول کرتی ہے تو پھر روس پاکستان کو تیل فروخت کرنے والا دوسرا بڑا ملک بن جائے گا۔ جبکہ یہ انکشاف بھی ہوا تھا کہ پاکستان کے پاس روس تیل کو صاف کرنے کی ٹیکنالوجی کی کمی ہے، اسی لیے دونوں ممالک مخلوط تیل کی خریداری پر اتفاق کر چکے۔ یہاں یہ واضح رہے کہ روس سے سستے تیل کی خریداری کی بات چیت سابق وزیراعظم عمران خان کے دور میں شروع ہوئی تھی۔ گزشتہ حکومت نے عالمی مارکیٹ میں خام تیل کی قیمتوں میں ریکارڈ اضافے کے بعد روس سے سستا تیل خریدنے کی کوشش کی تھی۔ عمران خان کی جانب سے بتایا گیا تھا ان کے دورہ روس کے دوران روسی صدر نے پاکستان کو 30 فیصد کم قیمت پر تیل فراہم کرنے کی کوشش کی تھی، اس حوالے سے معاملات طے کیے جا رہے تھے، تاہم اس دوران ان کی حکومت کا خاتمہ کردیا گیا

بقیہ 17

کوان کی شادی پر یکساں طور پر ایک لاکھ روپے پنجاب پولیس کی جانب سے دیئے جائیں گے جب کہ جہیز کے لئے امداد کا نام ڈوری چارجز سے تبدیل کر کے ویڈنگ گفٹ رکھ دیا گیا ہے۔ یہ رقم حاضر سروس، ریٹائرڈ، شہید اور دوران سروس فوت ہونے والے تمام بچیوں کی شادی پر ادا کی جائے گی، ادھر ملازمین کی وفات پر ملنے والی امداد میں سو فیصد اضافہ کر دیا گیا ہے جس کے مطابق دوران ملازمت وفات پانے والے ملازمین کے ورثا کو ان کی تجہیز و تکفین کی مد میں 50 ہزار روپے کی بجائے اب ایک لاکھ روپے کی امداد دی جائے گی جبکہ ریٹائرمنٹ کے بعد وفات پانے والے ملازمین کے لواحقین کو 50 ہزار روپے کی مالی امداد ملے گی۔

بقیہ 18

رہا ہے اور امریکا چاہتا ہے کہ پاکستان کو مشکل وقت سے نکلنے کا کوئی راستہ ملے لہذا پاکستان کے سنجیدہ معاشی معاملات پر تمام شعبوں میں حل نکالنے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ امریکی سفیر نے کہا کہ آئی ایم ایف پروگرام بھی اسی معاملے کا ایک حصہ ہے، حال ہی میں واشنگٹن میں اعلی سطح تجارت و سرمایہ کاری کے مذاکرات مکمل کیے، رواں ہفتے سینئر سطح کے توانائی، سکیورٹی اور موسمیاتی تبدیلی کے مذاکرات ہورہے ہیں، یہ مذاکرات جنیوا مذاکرات کا فالو اپ ہیں۔ ڈونلڈ بلوم کا کہنا تھا کہ پاکستان دیگر ممالک کی طرح انسانی حقوق کے چیلنجز سے نبرد آزما ہے، پاکستان کو ان الزامات کو ڈیل کرنا ہوگا۔ امریکی سفیر نے مزید کہا کہ پاکستان کے ساتھ اب بھی شراکت دار ہیں، سکیورٹی کے شعبے میں پاکستان کی معاونت کے لیے کام کرتے رہیں گے۔

بقیہ 19

دوران شمار کنندگان گھر گھر جا کر انٹرویو کر رہے ہیں او رشہریوں کی جانب سے ایپ کے ذریعے از خود کی جانے والی رجسٹریشن کی تصدیق کر رہے ہیں۔ یہ بات کمشنر محمد اجمل بھٹی کی زیر صدارت جاری جائزہ اجلاس میں بتائی گئی ہے۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر سرگودھا کیپٹن ریٹائرڈ شعیب علی' ڈپٹی کمشنر خوشاب ذیشان شبیر رانا' ڈپٹی کمشنر میانوالی سجاد احمد خان' ڈپٹی کمشنر بھکر ڈاکٹر نور محمد اعوان' ڈائریکٹر شماریات محمد رفیق اور ڈپٹی ڈائریکٹر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام ملک صفدر محمد سمیت متعلقہ افسران شریک ہوئے۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ دوسرے مرحلے کا 97 فیصد ہدف حاصل کرلیا گیا ہے۔ ڈویژن بھر میں 7410 بلاکس بنائے گئے ہیں۔ شمار کنندگان کو مکمل سیکورٹی اور ٹرانسپورٹ فراہم کی جارہی ہے۔ کمشنر محمد اجمل بھٹی نے جاری مردم وخانہ شماری کا تمام کام احسن طریقہ سے مکمل کرنے کی ضرورت پر زور دیا

بقیہ 20

رپورٹ طلب کر لی ہے۔ انہوں نے مصروف بازاروں میں پرائس مجسٹریٹس کی ہر وقت موجودگی کو یقینی بنانے' ذخیرہ اندوزوں اور گراں فروشوں کے خلاف بھر پور کارروائیاں کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں۔ وہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی' رمضان المبارک میں مستحقین گھرانوں میں مفت آٹے کی تقسیم اور چیف سیکرٹری کے انیشیٹو زیر چاروں اضلاع میں پیش رفت کے حوالے سے جائزہ اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ اجلاس میں رمضان المبارک میں مستحق خاندانوں میں مفت آٹے کی تقسیم کے حوالے سے چاروں اضلاع میں اٹھائے جانے والے اقدامات پر بھی بریفنگ دی گئی۔

بقیہ 21

کا طوفان آئے گا مہنگی بجلی صنعتی ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہے اور بجلی کی قیمتوں میں اضافہ کے باعث صنعتیں بند اور ملک میں بے روزگاری میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے حکومت کی طرف سے آئی ایم ایف کی شرائط پر عملدرآمد کرتے ہوئے پہلے بجلی کی قیمتوں میں 3.82 روپے فی یونٹ اضافہ کیا جس میں نومبر کے بعد مزید 1.43 روپے مزید اضافہ ہوگا اس کے ایک ہفتہ بعد ہی بجلی میں 3.39 روپے فی یونٹ سرچارج عائد کردیا جس سے صنعتی وتجارتی شعبہ متاثر اور شدید مالی دباؤ کا شکار ہوگا۔

بقیہ 22

آپریشن' مین ہولز کور' ڈرین اور نالوں کی صفائی' بس اڈوں کی حالت زار کو بہتر بنانے' غیر قانونی بل بورڈ اتارنے' وال چاکنگ کا خاتمہ' کھڑے پانی کا نکاس' منی پٹرول پمپس کے خلاف کارروائی' قبرستان کی صفائی اور چاردیواری' تعلیمی اداروں کے باہر زیبرا کراسنگ لگانے' سڑکوں کے پیچ ورک' مراکز صحت کی صفائی ستھرائی اور عدم دستیاب سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے' عطائیوں اور غیر معیاری ادویات فروخت کرنے والے میڈیکل سٹوروں کے خلاف ایکشن' گیس سلنڈر کے غیر قانونی ری فلنگ کرنے والے افراد کے خلاف کریک ڈاؤن' شجر کاری مہم' لائیوسٹاک کی ویکسین' پرانے پلوں کی مرمت اور سرکاری عمارات کے رنگ وروغن' دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کیخلاف ایکشن لینے' پلے گراؤنڈ اور گرین بیلٹس کی مرمت وتزئین و آرائش کے علاوہ سڑکوں کے درمیان میں آنے والے بجلی کے کھمبوں کو ہٹانے کے حوالے سے کئے جانے والے اقدامات بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ کمشنر محمد اجمل بھٹی نے کہا کہ چیف سیکرٹری کے عوامی بہبود کے نکات کا دائرہ صرف شہروں تک ہی نہ رکھا جائے بلکہ دیہاتوں پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے اسسٹنٹ کمشنروں کو چیف سیکرٹری انیشیٹو زیر عمل درآمد یقینی بنانے کیلئے فوکل پرسن مقرر کرنے کے احکامات جاری کر تے ہوئے انہوں نے دیہی علاقوں پر بھی خاص توجہ دینے کی ہدایت کی۔ انہوں نے دھواں چھوڑنے اور فٹنس کی شکار مسافروں گاڑوں کو مستقل بنیادوں پر بند کرنے کیلئے اقدامات کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

بقیہ 23

خرم دستگیر نے ایرانی وزیر توانائی علی اکبر مہرابیان سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں وزرا نے ایران اور پاکستان کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے فروغ اور توانائی کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر زور دیا۔ دونوں وزرا نے توانائی کے شعبے میں نئے مشترکہ منصوبے شروع کرنے میں دلچسپی ظاہر کی۔ وزیر خرم کے دورے کا مقصد گوادر کو بجلی کی فراہمی کے معاہدے کو حتمی شکل دینا تھا، جس کا آغاز وزیر کے پہلے دورہ جون 2022 میں ہوا تھا۔ نو ماہ کے ریکارڈ وقت میں ایران سے گوادر تک بجلی کی ترسیلی لائن بچھائی گئی ہے۔ پاور سپلائی کے معاہدے کو حتمی شکل دینے کے لیے تکنیکی ٹیموں کے تین سیشن ہوئے جس میں تفصیلی بات چیت کی گئی۔ ان ملاقاتوں کے نتیجے میں 13.03.2023 کو پاکستان اور ایران کے درمیان 100 میگاواٹ بجلی فراہم کرنے کے معاہدے پر دستخط ہوئے۔ منصوبے کا جلد از جلد افتتاح کر دیا جائے گا۔ یہ منصوبہ گوادر کو بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنائے گا اور ایک خوشحال گوادر کی بنیاد رکھے گا۔ اپنے دورے کے دوران عزت مآب وزیر نے پاکستان کے قومی دن کی مناسبت سے تہران میں سفارت خانہ پاکستان کی جانب سے منعقدہ تقریب میں بھی شرکت کی۔ انہوں نے تقریب میں شرکت کرنے والے ایرانی سول اور فوجی معززین اور سفارت کاروں سے خطاب کیا۔ اپنے کلمات میں مہمان اعزازی نے کہا کہ پاکستان اور ایران دو برادر ممالک ہیں جن کے درمیان مشترکہ عقیدے، ثقافتی وابستگی اور مشترکہ تاریخ کے اٹل رشتے ہیں۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ مستقبل میں دونوں برادر ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات بلندی کی جانب گامزن رہیں گے۔ وزیر مملکت جناب خرم دستگیر نے ترکی، شام اور خوئے، ایران میں زلزلے سے انسانی جانوں کے ضیاع پر تعزیت کا اظہار کیا۔ وزیر نے ایران اور سعودی عرب کی قیادت کو ان کے سفارتی تعلقات کی بحالی پر مبارکباد دی۔ اس موقع پر ایران کے وزیر توانائی علی اکبر محرابیان مہمان خصوصی تھے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان دوطرفہ تعلقات میں بہتری کے بہت زیادہ امکانات موجود ہیں۔

بقیہ 24

کمال لاہور سے فیصل آباد آرہے تھے، ساہیانوالہ کے قریب ان کی کار حادثے کا شکار ہوگئی۔ حادثے کے نتیجے میں وی سی جی سی یونیورسٹی پروفیسر شاہد کمال جاں بحق ہوگئے

بقیہ 25

لینڈ کروزرز نے انکے موٹر سائیکل پیچھے سے ہٹ کیا اور انکے کو کچلتے ہوئے فرار ہو گئے واقعے کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او گوجرخان ملک نواز موقع پر پہنچے اور گوجرخان ومندرہ پولیس کی مختلف ٹیموں نے CCTV کیمروں کی مدد سے گاڑیوں کی شناخت کرتے رہے اور گاڑیوں کو پہچان کرنے میں ٹیمیں کامیاب ہوگئیں، یہ حادثہ اتوار کی شب دس بجے اس وقت پیش آیا تھا جب دونوں صحافی مقامی سینئر صحافی عامر لطیف بھٹہ کے بھائی طیب بھٹہ کے ولیمہ کی دعوت کے بعد موٹر سائیکل پر سوار ہو کر جی ٹی روڈ پر پہنچے ہی تھے کہ لاہور کیجانب سے آنیوالی لینڈ کروزر نمبر BG5571 نے انکے موٹر سائیکل کو عقب سے ٹکر ماردی جس سے وہ سڑک پر گرے اور لینڈ کروزر ڈرائیورز انہیں روندتے ہوئے انتہائی سفاکی کے ساتھ فرار ہو گئے ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیموں نے نعشوں کو تحصیل ہیڈ کوارٹرز ہسپتال پہنچایا حادثہ کی خبر علاقہ بھر میں آگ کی طرح پھیل گئی اور صحافیوں اور شہریوں کی بہت بڑی تعداد ہسپتال میں موجود رہی سینئر صحافیوں کی نماز جنازہ شیخ بابا طالب والے قبرستان میں آج دوپہر 3 بجے ادا کی گی جس میں سیاسی و سماجی کاروباری شخصیات اور صحافی برادری سمیت دیگر مکاتب فکر کے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی ان ناگہانی اموات پر ہر آنکھ اشکبار تھی۔

بقیہ 26

چوہدری اعظم پرویز گجر نے پاکستان پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر حلقہ پی پی 8 سے صوبائی اسمبلی کا الیکشن لڑنے کا اعلان کر دیا انہوں نے کہا کے وہ انشااللہ پاکستان پیپلز پارٹی کے پلیٹ فارم سے عوامی عدالت کا دروازہ کھٹکھٹائیں گے اعلی قیادت نے ان کو الیکشن لڑنے کا گرین سگنل دے دیا ہے ان کا مزید کہنا تھا کہ وہ یہ نشست جیت کر اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کو تحفہ پیش کریں گے۔ چوہدری اعظم پرویز نے کہا کہ پہلے بھی عوام کی خدمت کی ہے اور آنے والے وقت میں بھی خدمت کروں گا مخلص دوست میرا قیمتی اثاثہ ہیں میں اس نشست پر الیکشن لڑ کر حلقہ کی تقدیر بدلنا چاہتا ہوں عوامی خدمت کا جذبہ لے کر میدان سیاست میں آیا ہوں چوہدری اعظم پرویز کے الیکشن لڑنے کے فیصلے کو حلقہ پی پی 8 کی عوام نے سراہا اور زبردست الفاظ میں خیر مقدم کیا اور نیک خواہشات کا اظہار کیا

بقیہ 27

سوڈا اور ہائیڈروجن وطن عزیز کی پراڈکٹس ہیں جس پر ڈالر اثر انداز نہیں ہوتا ہے لیکن مافیا آئے روز ان پراڈکٹس کی قیمتوں میں من مرضی سے اضافہ کر دیتا ہے جس سے انڈسٹریز کو بھی شدید نقصانات اٹھانے پڑتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کاسٹک کی امپورٹ پر پابندی ختم کی جائے تاکہ دیگر ممالک میں بھی اس کی تجارت کی جا سکے۔ ایران جو کلورین بناتا ہے اس کا جو کاسٹک ہوتا ہے وہ سمندر میں پھینک دیتا ہے جبکہ ہمارے ملک میں گنگا الٹی بہتی ہے۔ انہوں نے کہا بحران زدہ حالات سے ملکی انڈسٹریز اور کاروبار تباہ ہو چکے ہیں۔

بقیہ 28

جوائنٹ سیٹنگز رولز 1973 کے قاعدہ 4 کے تحت تفویض شدہ اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے کی ہے۔ اسمبلی سیکرٹریٹ نے پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس کے شیڈول میں تبدیلی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا ہے

بقیہ 29

سپریم کورٹ کے ماتحت عدالت نہیں ہے، سپریم کورٹ ہائیکورٹس کو ہدایات جاری نہیں کرسکتی۔ شازیہ مری کے 2018 کے انتخابات میں سانگھڑ سے حریف کشن چند پروانی کے وکیل نے دلائل میں مؤقف اپنایا کہ شازیہ مری نے لیاری کی ایک لڑکی شازیہ کی ڈگری جعلی طور پر اپنے نام پر کرائی، جعلی ڈگری کو اپنا ثابت کرنے کے لئے 2002 میں جھوٹا شناختی کارڈ بھی بنوایا۔ جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا کہ شازیہ مری ک?ی مرتبہ ممبر قومی اسمبلی منتخب ہوچکی ہیں، کیا 2002، 2007، 2013 اور 2018 میں منتخب ہونے کے بعد یہ دعوی بنتا ہے کہ ان کی جعلی ڈگری ہے؟۔ جسٹس عائشہ ملک نے سوال کیا کہ کیا ثبوت ہے کہ شازیہ مری کی ڈگری جعلی ہے؟۔ درخواست گزار کے وکیل نے بتایا کہ شازیہ مری نے تاریخ پیدائش پہلے 1972 کروائی جبکہ جعلی ڈگری کے بعد بدل کر 1975 کروا لی۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ آپ کے مطابق تو یہ بہت خوبصورت حادثہ ہے کہ ایک اور شازیہ مری ولد عطا مری ہے، کیا آپ نے لیاری والی دوسری شازیہ مری کو عدالت سے سمن کرایا؟۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ جعلی ڈگری پر شازیہ مری کی نااہلی کا معاملہ سندھ ہائیکورٹ میں زیر التوا ہے۔ وکیل نے کہا کہ الیکشن ٹریبونل نے شازیہ مری کے خلاف نااہلی کی کارروائی ختم کر دی ہے۔ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا کہ سندھ ہائیکورٹ میں جاری کیس میں فریق بن جائیں۔ سپریم کورٹ نے اپنے حکم میں کہا کہ سندھ ہائیکورٹ کے فیصلے میں الیکشن ٹریبونل کا فیصلہ اثر انداز نہیں ہوگا۔

بقیہ 30

ایڈووکیٹ جنرل پنجاب کو بھی معاونت کیلئے طلب کرلیا، عدالت عالیہ نے نوٹس میں کہا کہ درخواست میں اہم نکات اٹھائے گئے ہیں تمام فریقین شق وار جواب جمع کرائیں۔

بقیہ 31

کے بجائے فیصلہ کرے، ملک میں ایک طرف معاشی بدحالی، دوسری طرف حکومت میں تمام لوگ لوٹ مار میں مصروف ہیں، دو صوبوں میں الیکشن سے مسائل حل نہیں ہوں گے۔ سراج الحق نے کہا کہ ہماری تجویز ہے قومی و چاروں صوبائی اسمبلیوں کے ایک دن انتخابات کرائے جائیں، ایک ہی دفعہ الیکشن سے پیسہ بھی کم لگے گا، پی ڈی ایم قربانی دے اور پورے ملک میں عام انتخابات کا اعلان کرے، تمام اسٹیک ہولڈرز کو بٹھا کر الیکشن اصلاحات ضروری ہیں، مردم شماری سے پہلے تمام اسٹیک ہولڈرز کو بٹھایا جائے، یہ ہر وہ کام کرتے ہیں جو امریکا کہے۔ امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا کہ آج چھوٹے اور بڑے چور کا مقابلہ ہے، قوم کو سمجھ لینا چاہیے یہ سب چور ہیں، انہوں نے کشمیر کے ساتھ بے وفائی کی اب کہتے ہیں دوبارہ موقع دو، حالات نے ثابت کر دیا ہے اب آپشن صرف اور صرف جماعت اسلامی ہے، وزیراعظم نے سیلاب متاثرین کیلئے 70 بلین کا اعلان کیا کدھر گیا؟ سیلاب متاثرین کا اتنا پیسہ آیا کدھر گیا، چیف جسٹس سوموٹو لیں۔

بقیہ 32

گئے ہیں، اگر سیاسی لوگ ہوں تو وہ سیاست کے میدان میں مقابلہ کریں، سامنے آئیں اور ووٹ سے فیصلہ کریں لیکن ان کی سیاست ختم ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ نے دیکھا یہ اتنے احمق ہیں کہ 15 مہینے توشہ خانہ کے اوپر بیانیہ بنایا، یہ گونگ لیگ کی اپنی لسٹیں بھی تو سامنے آئی ہیں، رات کو جو توشہ خانہ کی لسٹیں سامنے آئی ہیں وہ ایک ڈے لائٹ رابری ہے جو شریف اور زرداری فیملی نے پاکستانی خزانے پر کی ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ مریم نواز نے پائن ایپل کے ڈبے تک نہیں چھوڑے، بکن کے مصالحے اور چمچے تک ساتھ لے گئی ہے اور 15 مہینوں سے انہوں نے عمران خان کے خلاف اربوں روپے کے اشتہارات دیئے، میں سمجھتا ہوں کہ ن لیگ کو معافی مانگنی چاہئے عمران خان سے اور بشری بیگم سے، ان کو توبہ کرنی چاہئے کہ آئندہ ایسی حرکتوں میں ملوث نہیں ہوں گے۔ فواد چودھری نے کہا کہ ظل شاہ کا نگران وزیراعلی پنجاب کے حکم پر بہیمانہ قتل کیا گیا، اب یہ کہتے ہیں کہ جو آواز اٹھا رہے ہیں ان کے اوپر ہم پرچے دینگے اور پھر یہ نئے نئے پرچے دے رہے ہیں، جنرل سیکرٹری ارسلان پی ٹی آئی کو جس طرح سے اغوا کیا گیا، جس طریقے سے پی ٹی آئی کے ورکرز کو اٹھایا جارہا ہے ظلم اور دہشت کی ایک فضا بنانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں ان کو بتانا چاہتا ہوں کہ کبھی کوئی عوام کی طاقت کے سامنے بھی کھڑا ہوسکا ہے؟ الٹی میٹ فیصلہ عوام نے کرنا ہے اور انشااللہ تعالی آپ دیکھیں گے کہ پاکستان میں ہم نظام بدل کر حالات بدلیں گے۔

بقیہ 33

شا ڈیم، داسو ہائیڈرو پاور پراجیکٹ، مہمند ڈیم، تربیلا کا پانچواں توسیعی منصوبہ، نائے گاج ڈیم، کرم تنگی ڈیم، کچھی کینال اور کے فور پراجیکٹ قابل ذکر ہیں۔ یہ منصوبے 2024 سے 2030 کے دوران مرحلہ وار مکمل ہوں گے

بقیہ 34

زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتول کے بھائی کی مدعیت میں رواں سال جنوری میں درج کیا گیا، ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، سنگین مقدمات میں مطلوب اشتہاری مجرمان کی گرفتاری لواحقین کو انصاف کی فراہمی میں اہم ہے۔

بقیہ 35

ٹھکانوں کو گرا کر آگ لگا دی۔ واضح رہے کہ اہلکار عبدالغفار اور سجاد جکھرانی کو 2 روز قبل دوڑ چیک پوسٹ سے اغواء کیا گیا تھا۔

بقیہ 36

بچوں کو عوام کی نمائندگی کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں، انہوں نے کہا توشہ خانہ کے حمام میں جماعت اسلامی کے علاوہ پی ڈی ایم، پیپلز پارٹی اور پی ٹی آئی کے تمام لیڈر ہی ننگے ہیں، عوام ان نام نہاد لیڈروں کے بھیانک چہروں کو پہچان لیں اور آئندہ انتخابات میں انھیں ووٹ کی قوت سے مسترد کر دیں۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے جماعت اسلامی زون پانچ کے دورے کے موقع پر ارکان وکارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ نصر اللہ رندھاوا نے کہا مہنگائی ملکی تاریخ کے بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے، ماہ رمضان کی آمد آمد ہے، حکومت نے رمضان پیکج دیکر عوام کے دکھوں پر مرہم رکھنے کی بجائے آئی ایم ایف کی فرمائش پر ایک بار پھر بجلی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کر کے عوام دشمنی کا ثبوت دیا ہے، ملک میں بجلی اور پیٹرول کی قیمتوں میں ہونے والے مسلسل اضافے سے مہنگائی بھی اسی قدر بڑھ رہی ہے جس سے ہر شخص پریشان ہے، نصر اللہ رندھاوا نے کہا برسا برس سے ملک پر مسلط ظالم وڈیرے، جاگیردار اور کرپٹ سرمایہ داروں کی مثال دودھ کی رکھوالی پر بلی جیسی ہے، ان لوگوں نے ملک کے وسائل کو لوٹا اور عوام کو بنیادی ضروریات سے محروم رکھا ہوا ہے، حکومت پی ڈی ایم، پیپلز پارٹی کی ہو یا پی ٹی آئی کی، یہ کرپٹ اشرافیہ کسی صورت عوام کو کچھ نہیں دیں گے۔

بقیہ 37

کلچر ڈے کو کسی ایک علاقے یا شہر تک محدود نہیں کیا گیا بلکہ لاہور سمیت پنجاب بھر میں سرکاری سطح پر کلچر ڈے کی تقریبات کا انعقاد کیا جارہا ہے جن میں پنجاب کی ثقافت کے تمام رنگ نمایاں ہیں۔ عامر میر نے کہا کہ ان تقریبات میں مرد حضرات کے ساتھ خواتین کو بھی مناسب نمائندگی دی جائے گی۔ دن کی مناسبت سے ایک خصوصی لوگو تیار کیا گیا ہے، جس میں مرد کے ساتھ خاتون کا سکیچ بھی شامل کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجابی ثقافت پنجاب کی انسان دوست روایات کو آگے بڑھانے کا نام ہے۔ پنجابی ثقافت تہذیب اتحاد، محبت اور انسانی احترام کی عکاسی کرتی ہے۔

بقیہ 38

صوبے بھر میں 297 ریٹرننگ افسران کو اس قانونی عمل میں معاونت فراہم کرنے کے لئے الیکشن کمیشن سیکریٹریٹ اسلام آباد میں آن لائن سکروٹنی سیل قائم کردیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں امیدواروں کے کوائف کے حصول کے لئے ضروری پروفارمہ اور ایس او پیز تمام 297 ریٹرننگ افسران کو مہیا کردیئے گئے ہیں۔ یہ سیل 3 ٹیموں پر مشتمل ہے اور 24 گھنٹے کام کر رہا ہے، جن کے پاس فیکس، ٹیلی فون اور انٹرنیٹ کی سہولت میسر ہے، اس سسٹم کے لئے خصوصی سافٹ ویئر تیار کیا گیا ہے۔ اس سافٹ ویئر کے ذریعے نادرا ایف بی آر نیب سٹیٹ بینک آف پاکستان اور ایف آئی اے کو الیکشن کمیشن سیکریٹریٹ سے ایک محفوظ نظام اور جدید ٹیکنالوجی کے تحت منسلک کیا گیا ہے۔

بقیہ 39

اپرٹیز کے اصل مالک ہے۔ لندن میں موجود 6 پراپرٹیز میں بانی متحدہ کی رہائشگاہ اور سابقہ انٹرنیشنل سیکرٹریٹ بھی شامل ہے۔ عدالت میں بانی ایم کیو ایم نے موقف اختیار کیا تھا کہ اصلی ایم کیو ایم ان کی ہے جو وہ چلا رہے ہیں اور وہ ایم کیو ایم اصلی نہیں جو فاروق ستار نے ہائی جیک کر لی۔ جج نے اپنے فیصلے میں لکھا کہ ایم کیو ایم کے بانی نے اپنی 23 اگست کی تقریر کے بعد ایم کیو ایم پاکستان سے استعفی دیا تھا۔ اس فیصلے سے یہ ظاہر ہوتا ہے

بقیہ 40

نکال کر فروخت کرنے کے مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہے، ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے گھناؤنے فعل کر قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، سی پی او سید خالد محمود ہمدانی نے ایس پی فیصل سلیم اور ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ مجبور افراد کو رقم کا لالچ دے کر گردوں کی خرید وفروخت ناقابل برداشت ہے، ایسی شکایات پر موثر اور فوری کارروائی کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 41

5 سال سے کم عمر کے 17.41 ملین سے زائد بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے، دوسرا مرحلہ 3 سے 7 اپریل تک ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ رمضان کے دوسرے ہفتے میں بلوچستان کے 12 اضلاع اور خیبر پختونخوا کے 26 اضلاع بشمول صوبے کے جنوبی سات اضلاع میں 4.12 ملین سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ عبدالقادر پٹیل نے والدین پر زور دیا کہ وہ اپنے بچوں کو پولیو ویکسین دیں تاکہ وہ پولیو وائرس سے محفوظ رہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماحول میں پولیو وائرس کی موجودگی سے پتہ چلتا ہے کہ یہ وائرس ہماری کمیونٹیز میں گردش کر رہا ہے اور ہمارے بچوں کے لیے سنگین خطرہ ہے۔ وزیر صحت نے کہا کہ رمضان اور عید قریب آنے کے ساتھ آبادی کی نقل وحرکت وائرس مزید پھیلنے کا خطرہ بڑھا سکتی ہے، اس لیے ضروری ہے کہ والدین اپنے بچوں کو نہ صرف اس مہم میں بلکہ ہر مہم میں انسداد پولیو کے قطرے ضرور پلوائیں۔

بقیہ 42

حسین کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست گزار کی جانب سے عامر سعید راں ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت الیکشن کمیشن کے وکیل نے جواب جمع کروانے کے لیے مہلت کی استدعا کردی۔ عدالت عالیہ نے الیکشن کمیشن کو جواب جمع کروانے کے لیے 15 مارچ تک مہلت دے دی۔

بقیہ 43

کے ساتھ مربوط رابطہ استوار رکھا جائے۔ انہوں نے یہ بات اپنے دفتر میں صوبائی اسمبلی کے انتخابات کے لئے مقرر تمام ریٹرننگ اور اسسٹنٹ ریٹرننگ افسران سے ان کے فرائض اور ذمہ داریوں کا حلف لینے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر شکیل احمد بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ریٹرننگ آفیسر شفیق احمد ڈوگر، اعتزاز اسلم مارتھ، یاسر فرید، سید عثمان منیر بخاری، محمد عظمان چوہدری، مہتاب احمد خان اور پیام غنی اور اے آر اوز سے حلف لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر/ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر اکرام الحق نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے شیڈول کے مطابق 30 اپریل 2023 کو پنجاب میں ہونے والے عام انتخابات کے لئے الیکشن کمیشن کی تیاریاں جاری ہیں۔ ڈسٹرکٹ الیکشن آفیسر شکیل احمد نے ریٹرننگ آفیسرز اور اسسٹنٹ ریٹرننگ آفیسرز کی ذمہ داریوں، ٹریننگ، الیکشن کیمپس کے قیام، پولنگ اسٹیشنز کی حتمی فہرستوں کی تیاری بارے تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ 44

کے دہانے پہنچا دیا، صوبے کے سرکاری ملازمین کو تحریک انصاف کے رہنما اپنے مقاصد کیلئے استعمال کرتے تھے، مزدوروں کو معاشی بدحالی میں دھکیلنے کیلئے آئی ایم ایف کے ملازم تیمور سلیم جھگڑا کو وزیر خزانہ بنایا۔

بقیہ 45

ایکسپائر ہونا تھا اور قانون کے مطابق 30 ہزار سے کم مالیت کی اشیا رقم ادا کئے بغیر لے سکتے ہیں۔ دوسری جانب یہ میڈم عمران خان اور ان کی اہلیہ کی جانب سے ہیرے جڑے قلم، گھڑیاں اور زیورات غلط طریقے سے خریدنے اور پھر اسے فروخت کرنے پر خاموش ہیں، یہ چور اور منافق ہیں۔ واضح رہے کہ وفاقی حکومت نے توشہ خانہ کا تقریبا 21 سال کا ریکارڈ پبلک کردیا ہے۔ جس کے مطابق سابق صدر نواز شریف، ان کی اہلیہ بیگم نواز شریف اور صاحبزادی مریم نواز نے اناناس کے ڈبے ادائیگی کئے بغیر توشہ خانہ سے لیئے، جس پر انہیں پی ٹی آئی کارکنان کی جانب سے تنقید کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔

بقیہ 46

مار کر جعلی ادویات، لیبل، خالی بوتلیں، یونٹ کارٹن اور پرنٹنگ مشینری قبضے میں لے لی۔ چھاپہ مار ٹیم میں ڈرگ انسپکٹرز خوشحال خان، محمد ذیشان، ضیا الرحمان، مدیحہ انجم، عمران الحق شامل تھے۔ ملزم کے خلاف ڈرگ ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل ڈرگ اینڈ کنٹرول اینڈ فارمیسی سروسز جعلی ادویات کے ڈیلروں کے خلاف باقاعدگی سے کارروائیاں جاری رکھے گی۔ ٹیم نے گلبرگ گلی النور میں واقع محمد نیاز قریشی کے گھر پر چھاپہ مار کر جعلی ادویات بشمول خالی بوتلیں، پرنٹنگ مشینیں، لیبلز، یونٹ کارٹن اور دیگر مواد ضبط کرلیا

بقیہ 47

بھی کیا گیا تھا۔ شرکا کی جانب سے زبیر انصاری کی ادبی و سماجی خدمات پر ان کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور ان کی درازی عمر کی دعا کی گئی۔ تقریب میں تنظیم کے بانی و صدر ایم ایم علی، نائب صدر محمد اسلم سیال، سیکرٹری انفارمیشن سفیان فاروقی، اشرف علی، ایچ آر قادری، شاہین اشرف علی، روزینہ فیصل، فلک زاہد سمیت دیگر لکھاریوں اور صحافیوں نے شرکت کی۔

بقیہ 48

کی جائیں۔ تفصیلات کے مطابق پی ٹی آئی کے مرکزی سینئر نائب صدر فواد چودھری نے کہا ہے کہ توشہ خانہ تفصیلات کے مطابق شریف اور زرداری خاندان نے دن دھاڑے ڈاکہ مارا، پاکستان سے دھوکہ دہی میں ملوث شریف اور زرداری خاندان کا ایک اور ثبوت سامنے آچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے 11 ماہ میں عمران خان اور بشری بی بی پر الزامات کی بوچھاڑ کی گئی، عمران خان نے توشہ خانہ سے قانونی طریقہ کار کے تحت ان سب سے کم تحائف لئے۔ انہوں نے کہا کہ زرداری اور نواز شریف نے غیر قانونی طور پر توشہ خانہ سے گاڑیاں نکلوائیں، توشہ خانہ قانون کی کھلے عام خلاف ورزیاں کی گئیں۔

بقیہ 49

عظیم خان کو گرفتار کر کے 4 کلو 130 گرام چرس اور نیاز علی کو گرفتار کر کے 710 گرام ہیروئن برآمد کی۔ ایس ایچ او تھانہ خانپور شفیق الرحمان نے کارروائی کرتے ہوئے غلام حسین کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 60 لیٹر شراب برآمد کرلی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف امتناع منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر لئے گئے ہیں۔

بقیہ 50

ریفنڈ کلیمز کی رقم ایف بی آر سے ٹیکس دہندگان کو ادا کرائی، ایف ٹی او کے 78 فیصد فیصلوں پر عمل درآمد ہو چکا، روزانہ کی بنیاد پر فیصلوں پر عملدرآمد کی نگرانی کی جا رہی ہے۔ صدر عارف علوی نے کہا کہ وفاقی ٹیکس محتسب اپنی خدمات کا دائرہ کار بڑھائے، ٹیکس معاملات میں حکام کی بدانتظامی کے خلاف فوری انصاف کی فراہمی میں محتسب کے کردار بارے آگاہی پیدا کی جائے۔

بقیہ 51

حقوق اور خیبر پختونخوا کے صوبائی وسائل“ کے حوالے سے منعقدہ سیمینار میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے خطاب کے دوران کیا' سیمینار سے ٹرائبل سٹوڈنٹس آرگنائزیشن گومل یونیورسٹی کے جنرل کیمپس کے صدر عمیر محسود، سٹی کیمپس کے صدر امجد محسود' سدرہ المنتہی نے بھی خطاب کیا' احمد کریم خان کنڈی نے کہا کہ تحریکیں زندہ لوگوں کی شناخت ہوتی ہیں تعلیم کو عام کرنا ہوگا' نئی نسل کو اپنی توجہ حصول علم پر مرکوز کرنی ہوگی' ہمیں تعلیمی اداروں کو معیاری تعلیم کی فراہمی یقینی بنانے کی غرض سے مضبوط بنانا ہوگا' انہوں نے کہا کہ ہماری نئی نسل کو اپنے وسائل کا بھرپور ادراک ہونا چاہیے وسائل کے علم کے بعد اسکی تقسیم واستعمال کے معاملات نمٹائے جاتے ہیں ہمیں الف انار' ب بکری کے بجائے طلبہ کو الف آئین' ب بجلی' ت تیل پڑھانا اور اسکی حقیقی روح سمجھانا ہوگا۔ معاشی شعور اور اس سے منسلک مسائل کے حل کی تجاویز سے نئی نسل کو آگاہ کرنا ہوگا ریاست میں آئین کی مکمل عملداری یقینی بنانی ہوگی تمام ریاستی اداروں کو آئینی کردار کے مطابق ملک کی ترقی واستحکام کے لیئے کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ٹرائبل سٹوڈنٹس آرگنائزیشن گومل یونیورسٹی کی جانب سے اس اہم موضوع پر سیمینار کا انعقاد انتہائی مستحسن قدم ہے طلبہ کو ایسے مباحثے منعقد کرانے چاہئیں تاکہ ہماری سوچ اور کام کرنے کے انداز میں بہتری اور زمینی حقائق کے مطابق جدت آئے اس موقع پر انہوں نے طلبہ کی جانب سے پوچھے گئے سوالات کے بھی تفصیل سے جوابات دیئے

بقیہ 52

ٹریننگ بیحد ضروری ہے۔ انہوں نے حاضرین سے اپیل کی کہ فنی تربیت کی افادیت سے عوام کو آگاہ کریں تاکہ زیادہ سے زیادہ خواتین باروزگار ہوسکیں۔

بقیہ 53

پہنچنے پر اپنے مختصر خطاب میں سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ توشہ خانہ کیس میں دودھ کا دودھ اور پانی کا پانی ہوگیا، پوری قوم نے جدوجہد کرنی ہے، اتوار 19 مارچ کو دن 2 بجے مینار پاکستان پر جلسہ کروں گا۔ ریلی کی دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر یاسمین راشد کا کہنا تھا کہ تمام رکاوٹوں کے باوجود لاہور کی عوام جگہ جگہ عمران خان کا تاریخی استقبال کر رہی ہے، وہ عوام کے دلوں پر حکمرانی کرتے ہیں، زندہ دلانے لاہور نے تاریخی استقبال کر کے یہ ثابت کردیا کہ وہ عمران خان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ڈاکٹر یاسمین راشد نے کہا کہ ریلی میں عوام کا ٹھاٹھیں مارتا سمندر دیکھ کر حکمرانوں کے ہوش اڑ چکے ہیں، توشہ خانہ چوروں کو عوام کا سمندر بہا کر لے جائے گا، مریم نواز اور ان کے حواریوں کی منفی سیاست ہمیشہ کیلئے دفن ہو چکی ہے، ان کی فضول گفتگو پر عوام دھیان نہیں دیتے۔

بقیہ 54

۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ہری پور محمد عمر خان نے واقعہ کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی سرکل غازی محمد یاسین جنجوعہ اور ایس ایچ او تھانہ غازی اعجاز علی کو وقوعہ میں ملوث ملزم کو ٹریس کر کے گرفتار کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ایس ایچ او تھانہ غازی نے ڈی ایس پی سرکل غازی محمد یاسین جنجوعہ کی زیر نگرانی کارروائی کرتے ہوئے وقوعہ میں ملوث ملزم مزمل کو گرفتار کر کے مزید تفتیش شروع کردی ہے۔

بقیہ 55

رکھتا ہے اس لیے قانون شکن ادی ان کو جواب دینے میں ہچکچاتا ہے۔ اکبر افریدی کا یاری دوستی میں کوئی ہمعصر نہیں ہے۔ ان کی خوبی یہ ہے کہ یہ جہاں بھی ڈیوٹی پر تعینات ہوتا ہے وہاں پر امن وامان رہتا ہے ان پر اپنے علاقے کے لوگوں کا اتنا اعتماد ہے کہ باوجود یہ کہ ان کی پوسٹنگ کہیں دوسرے علاقے میں ہوتی ہے لیکن قومی معاملات ان ہی کے دم سے حل ہوجاتے ہیں۔ قومی معاملات میں یہ واحد شخص ہے کہ اب بھی جب کبھی کوئی مسلہ ہوتا ہے لوگوں کی نظریں ان پر رہتی ہے اور یہ چھٹی لے کر باقاعدہ قومی مشر کا کردار ادا کرتا ہے علاقائی رسم ورواج اور روایات سے انتہائی واقف انسان ہیں اس لئے قومی روایات کی روشنی میں قومی فیصلے کرتے ہیں

بقیہ 56

ایوان صدر کے پریس ونگ سے پیر کو جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے استعفی وزیراعظم کی ایڈوائس پر منظور کیا ہے۔

بقیہ 57

حکومت کی مدت پوری ہونے سے قبل برطرف ملازمین بحال ہوں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین خصوصی کمیٹی برائے بحالی متاثرہ سرکاری ملازمین ڈاکٹر قادر مندوخیل نے کہا کہ برطرف کئے گئے ملازمین کے دکھڑے سن کر روح تڑپ جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آصف علی زرداری اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری ملازمین کی جلد بحالی چاہتے ہیں، غریبوں سے روزگار کا وسیلہ چھیننا بہت بڑا گناہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بینظیر بھٹو شہید غریبوں کی ماں کی طرح شفیق بہن تھیں۔ ڈاکٹر قادر خان مندوخیل نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت بہت بڑی عبادت ہے۔ انہوں نے کہا کہ میری ہر ممکن کوشش ہے کہ حکومت کی مدت پوری ہونے سے قبل برطرف ملازمین بحال ہوں۔

بقیہ 58

انعقاد کیا، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے) مائیکرو پلانز، ہدف کی کوریج، انکار، N/As اور دیگر مسائل (کا جائزہ لیا اور اس کے مطابق ضروری ہدایات جاری کی گئی۔

بقیہ 59

کے طیارے کی کراچی ایئرپورٹ پر ہنگامی لینڈنگ ہوئی، دوران پرواز ایک مسافر کی طبیعت خراب ہونے پر ہنگامی لینڈنگ کی اجازت دی گئی۔ سی اے اے کے ترجمان نے تصدیق کی کہ بھارتی ایئرلائن کی پرواز نئی دلی سے قطر کے شہر دوحہ جارہی تھی کہ دوران پرواز ایک مسافر کی طبیعت خراب ہوگئی بھارتی ایئرلائن کے طیارے کے کپتان نے میڈیکل ایمرجنسی کی اطلاع دی اور کراچی ایئر ٹریفک کنٹرول سے ہنگامی لینڈنگ کی اجازت مانگی تاہم مسافر لینڈنگ سے قبل ہی دوران پرواز انتقال کرگیا۔ سول ایوی ایشن اور وفاقی وزارت صحت کے ڈاکٹرز نے مسافر کو چیک کیا، نائیجیریا کا شہری عبداللہ لینڈنگ سے قبل ہی انتقال کر چکا تھا مسافر کی عمر ساٹھ سال ہے، مسافر کا ڈیتھ سرٹیفکیٹ جاری کردیا گیا، جس کے بعد بھارتی طیارہ مسافر کی میت اپنے ہمراہ دوحہ لے کر روانہ ہوگیا۔ ذرائع نے بتایا تھا کہ اس سے قبل ایک ایئر ایمبولینس نے کولکتہ سے آذربائیجان کے لیے اڑان بھرنے کے بعد اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر تکنیکی لینڈنگ کی تھی۔

بقیہ 60

ترجمان نے کہا کہ لاہور میں پہلے سے اسلام آباد پولیس کے اہلکار موجود ہیں، ٹیم بھیجنے کا فیصلہ افسران مشاورت سے کریں گے، اسلام آباد پولیس قانون کے مطابق مشاورت کے بعد عمران خان کے خلاف کارروائی کرے گی۔ واضح رہے آج صبح سے خبر زیر گردش ہے کہ خاتون جج کو دھمکانے کے کیس میں ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری ہونے پر اسلام آباد پولیس کی ٹیم عمران خان کو گرفتار کرنے لاہور پہنچ گئی ہے، خبر میں یہ بھی کہا گیا کہ پولیس کی ٹیم خصوصی ہیلی کاپٹر کے ذریعے لاہور پہنچی۔

بقیہ 61

نے امریکی برانڈ کا تیار کردہ سلور رنگ کا گاؤن زیب تن کیا۔ ملالہ یوسفزئی نے ایک ہاتھ میں زمرد کے جڑاؤ سے مزین ہیرے کی انگوٹھی بھی پہن رکھی تھی۔ اس انگوٹھی کا استعمال علامتی طور پر کیا گیا کیونکہ ملالہ کا تعلق سوات سے ہے۔ آسکرز کی تقریب میں بہترین فیچر فلم کا ایوارڈ All Quiet on the Western Front نے جیتا۔

بقیہ 62

حملے کے مقدمے میں گرفتار کیا گیا۔ حملے کا مقدمہ سائٹ اے تھانے میں درج ہے۔ حکام نے کہا کہ مقدمے میں انسداد دہشتگردی کی دفعہ شامل ہے۔ جبکہ ارسلان تاج نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عمران خان کی جنگ جاری رہے گی، ہم گھبرانے والے نہیں۔ کچھ بھی ہو جائے ہم عمران خان کی جنگ میں ان کے ساتھ ہیں۔

بقیہ 63

روڈ پر ڈاکو مزاحمت پر باوردی پولیس کانسٹیبل مرزا شفقت کو تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد نقدی موبائل فون اور موٹر سائیکل چھین کر لے گئے فاروق آباد میں امن وامان کی بگڑتی صورتحال پر شہری خوفزدہ ہیں۔

بقیہ 64

ملک نثار خان' سینئر نائب صدر مومن خان' جنرل سیکرٹری عبدالسلام' فرحت اللہ' اعجاز احمد' ہائی وے ڈویژن کے صدر روح اللہ مومند' جنرل سیکرٹری پرویز خان' فاروق شاہ باچا، عبدالرحمان اور اقبال خلیل سمیت دیگر نمائندوں نے شرکت کی۔ ملک نثار خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مہنگائی کی بدترین لہر جاری ہے اور اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہوتا جارہا ہے، جس نے مزدور طبقے کے ساتھ سرکاری ملازمین کو بھی بری طرح متاثر کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت مہنگائی پر قابو پانے کیلئے اقدامات کرے

ن لیگ کی سیاست ختم ہو چکی اب یہ مقدمہ بازی پر اتر آئے فواد چوہدری

مختصر نوٹس پر حلقہ پی پی 25 اور 26 سے کاغذات نامزدگی یہاں پر جمع کرا رہا ہوں، انشااللہ پوری پی ٹی آئی الیکشن کے لیے متحرک ہے

رات کو میرے اوپر ساتویں ایف آئی آر دی گئی ہے اور عمران خان کے اوپر اس وقت تک 82 کیس کر دیئے گئے ہیں، فواد چوہدری

دینہ (خبر نگار) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما و سابق وفاقی وزیر فواد چودھری نے کہا ہے کہ مسلم لیگ ن کی سیاست ختم ہو چکی ہے اب یہ لوگ مقدمہ بازی پر اتر آئے ہیں، انہوں نے مجھ پر 7، عمران خان پر 82 مقدمات درج کیے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مختصر نوٹس پر حلقہ پی پی 25 اور 26 سے کاغذات نامزدگی یہاں پر جمع کرا رہا ہوں، انشااللہ پوری پی ٹی آئی الیکشن کے لیے متحرک ہے۔ انہوں نے کہا کہ ن لیگ کی سیاست کے اوپر اس وقت بین ڈالنے والے سارے اکٹھے ہو گئے ہیں، وہ سارے لوگ جن کی اس وقت کوئی سیاست نہیں عوام کے اوپر ظلم اور جبر سے حکومت کرنا چاہ رہے ہیں۔ فواد چودھری نے کہا کہ رات کو میرے اوپر ساتویں ایف آئی آر دی گئی ہے اور عمران خان کے اوپر اس وقت تک 82 کیس کر دیئے (بقیہ نمبر32)

اسلام آباد: شام وترکیہ کیلئے روانہ کیا گیا پہلا بحری جہاز نصر امدادی سامان لے کر شام پہنچ گیا

PDM قربانی دے اور پورے ملک میں عام انتخابات کا اعلان کرے سراج الحق

امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا کہ آج چھوٹے اور بڑے چور کا مقابلہ ہے، قوم کو سمجھ لینا چاہیے یہ سب چور ہیں

امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے مزید کہا کہ کراچی موہنجوداڑو کا منظر پیش کر رہا ہے، کراچی میں پانی نہیں مل رہا، ہسپتال مفلوج ہیں

کراچی (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے کہا ہے کہ حکمران سیلاب متاثرین کا پیسہ آئندہ الیکشن میں استعمال کریں گے۔ کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے سراج الحق نے کہا کہ ملک میں اندھیر نگری چوپٹ راج قائم ہے، یہ بین الاقوامی چور ہیں ان لوگوں نے پین، گھڑی، مرسڈیز نہیں چھوڑیں، توشہ خانہ کی تفصیلات پر قوم کی آنکھیں کھلنی چاہئیں، پیپلز پارٹی نے 1970 میں بھی الیکشن نتائج کو تسلیم نہیں کیا تھا، اسی وجہ سے بنگلا دیش بنا، پیپلز پارٹی نے آر او پر پریشر ڈالا، کراچی کے لوگوں نے پیپلز پارٹی کو قبول نہیں کیا۔ امیر جماعت اسلامی سراج الحق نے مزید کہا کہ کراچی موہنجوداڑو کا منظر پیش کر رہا ہے، کراچی میں پانی نہیں مل رہا، ہسپتال مفلوج ہیں، پیپلز پارٹی جمہوریت کے دعوے کی نفی کر رہی ہے، الیکشن کمیشن ان کے دبا میں آنے (بقیہ نمبر 31)

لاہور: عمران خان نے توشہ خانہ کے تحفے بیچ کر 3 نسلوں کی جائیدادیں بنالیں: مریم نواز

2030 تک مزید 10 ہزار میگاواٹ پن بجلی کا اضافہ متوقع

یہ منصوبے 2024 سے 2030 کے دوران مرحلہ وار مکمل ہوں گے

منصوبوں کی تکمیل پر پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت میں 12 ملین ایکڑ فٹ اضافہ ہوگا، واپڈا

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) واپڈا پن بجلی کے زیر تعمیر منصوبوں کی مرحلہ وار تکمیل سے 2030 تک نیشنل گرڈ میں مزید 10 ہزار میگاواٹ کم لاگت اور ماحول دوست پن بجلی کا اضافہ کریگا۔ وزارت توانائی کے مطابق پن بجلی کی موجودہ پیداوار، جو تقریباً ساڑھے 9 ہزار میگاواٹ ہے، بڑھ کر دوگنا یعنی کم و بیش 20 ہزار میگاواٹ ہو جائے گی۔ ان منصوبوں کے مکمل ہونے پر ملک میں پانی ذخیرہ کرنے کی مجموعی صلاحیت میں بھی 12 ملین ایکڑ فٹ اضافہ ہوگا۔ واپڈا کے ان زیر تعمیر منصوبوں میں دیا مر بھا (بقیہ نمبر 33)

قتل و اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

مجرم اشتہاری نے معمولی تلخ کلامی پر فائرنگ کر کے جبران اور ارسلان کو زخمی کر دیا تھا

واقعہ کا مقدمہ مقتول کے بھائی کی مدعیت میں رواں سال جنوری میں درج کیا گیا

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) مندرہ پولیس کی کاروائی، قتل و اقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار، مجرم اشتہاری نے معمولی تلخ کلامی پر فائرنگ کر کے جبران اور ارسلان کو زخمی کر دیا تھا۔ تفصیلات کے مطابق مندرہ پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے جدید ٹیکنالوجی اور ہیومن انٹیلی جینس کی مدد سے قتل واقدام قتل کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم فیصل کو گرفتار کر لیا، مجرم اشتہاری نے معمولی تلخ کلامی پر فائرنگ کر کے جبران اور ارسلان کو زخمی کر دیا تھا جو دوران علاج معالجہ ارسلان (بقیہ نمبر 34)

کراچی: بلدیاتی نظام میں تبدیلی، متحدہ قومی موومنٹ کا بڑا مطالبہ منظور

کندھ کوٹ میں اغوا کیے گئے 2 پولیس اہلکار بازیاب

جوابی فائرنگ میں بھیو گینگ کے ڈاکو اہلکاروں کو چھوڑ کر فرار ہو گئے، ایس ایس پی

کندھ کوٹ (نیوز رپورٹر) کندھ کوٹ پولیس نے ڈاکوؤں کی جانب سے چیک پوسٹ پر حملہ کر کے اغوا کیے گئے 2 اہلکاروں کو بازیاب کرا لیا۔ ایس ایس پی کندھ کوٹ کے مطابق ڈاکوؤں سے مقابلے کے بعد اہلکاروں کو بازیاب کرایا گیا، جوابی فائرنگ میں بھیو گینگ کے ڈاکو اہلکاروں کو چھوڑ کر فرار ہو گئے۔ ایس ایس پی کا کہنا ہے کہ فرار ہونے والے ڈاکوؤں کی گرفتاری کے لیے گھر گھر تلاشی جاری ہے، اہلکاروں کی بازیابی کے لیے کچے کیدرانی مہر میں آپریشن کیا گیا جس دوران ڈاکوؤں کے (بقیہ نمبر 35)

مہنگائی ملکی تاریخ کے بلند ترین سطح پر پہنچ چکی ہے، نصر اللہ رندھاوا

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) امیر جماعت اسلامی اسلام آباد نصر اللہ رندھاوا نے کہا ہے کہ قومی وسائل کی لوٹ مار کے بعد توشہ خانہ نے تمام لیڈروں کے چہروں کو بے نقاب کر دیا ہے، توشہ خانہ کی قیمتی اشیاء کو اونے پونے خرید کر مہنگے داموں فروخت کرنے والے بد دیانتی کے مرتکب ہوئے ہیں، توشہ خانے سے مستفید ہونے والے حکمران اور ان کے (بقیہ نمبر36)

آج پنجاب ثقافتی دیہاڑ شایان شان طریقے سے منایا جائے گا، عامر میر

مرکزی تقریب الحمرا لاہور میں ہوگی، صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت

ثقافتی ویلیج، کلچرل شو، ثقافتی سٹالز، لڈی، بھنگڑا اور دیگر تقریبات کا انعقاد ہوگا، عامر میر

لاہور (نیوز رپورٹر) صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت عامر میر نے کہا ہے کہ پنجاب کی ثقافت دنیا کی قدیم ترین ثقافتوں میں شامل ہے جس میں محبت اور احترام موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ثقافت مختلف ثقافتوں کا گلدستہ ہے جبکہ پنجابی ثقافت اس گلدستے میں نمایاں مقام رکھتی ہے۔ پنجاب کی ثقافت، تہوار، کھانے، ملبوسات اور قدیم مقامات اپنے اندر ہزاروں رنگ سموئے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ خوش نصیب خطہ ہزاروں سال پرانی تہذیب کا وارث ہے۔ پنجاب کی ثقافت دلکش ثقافتی رنگوں کا امتزاج ہے اور حضرت علی ہجویری، بابا فرید الدین گنج شکر، سلطان باہو، بلھے شاہ، جیسے عظیم صوفیا کرام کی محبتوں سے مالا مال ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب ثقافتی دیہاڑ پر صوبے کے تمام صحرائی، میدانی، پہاڑی علاقوں کی ثقافت کو اجاگر کیا جائے گا۔ مرکزی تقریب الحمرا لاہور میں ہوگی جس میں ثقافتی ویلیج، کلچرل شو، ثقافتی سٹالز، لڈی، بھنگڑا اور دیگر تقریبات شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس دفعہ پنجاب (بقیہ نمبر37)

پنجاب اسمبلی کے انتخابات کے لئے آن لائن سکروٹنی سیل قائم

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) صوبائی اسمبلی پنجاب کے عام انتخابات 2023 کے حوالے سے آن لائن سکروٹنی سیل کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ تمام ریٹرننگ افسران کی قانونی ذمہ داری ہے کہ وہ عام انتخابات برائے پنجاب اسمبلی 2023 کے لیے تمام صوبائی اسمبلیوں کے اُمیدواروں کے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کریں، اسی ضمن میں (بقیہ نمبر 38)

متحدہ قومی موومنٹ کے بانی لندن میں موجود جائیداد سے ہاتھ دھو بیٹھے

بانی ایم کیو ایم تقریباً ایک کروڑ پاؤنڈ کا کیس لندن ہائیکورٹ میں ہار گئے

لندن (نیوز ڈیسک) متحدہ قومی موومنٹ کے بانی لندن میں موجود جائیداد سے بھی ہاتھ دھو بیٹھے۔ رپورٹ کے مطابق بانی ایم کیو ایم تقریباً ایک کروڑ پاؤنڈ کا کیس لندن ہائیکورٹ میں ہار گئے۔ ایم کیو ایم پاکستان کے رہنما امین الحق نے بانی متحدہ اور دیگر ٹرسٹیز کے خلاف مقدمہ لندن ہائیکورٹ میں دائر کیا تھا۔ ہائیکورٹ آف جسٹس بزنس اینڈ پراپرٹی کورٹ آف انگلینڈ اینڈ ویلز کے جج کلائیو جونز نے فیصلہ سنا دیا۔ فیصلے کے مطابق ایم کیو ایم پاکستان لندن میں بانی ایم کیو ایم کے زیر کنٹرول 6 پر (بقیہ نمبر 39)

انسداد پولیو مہم میں 21 ملین سے زیادہ بچوں کو حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے، وفاقی وزیر صحت

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) وفاقی وزیر صحت عبدالقادر پٹیل نے کہا ہے کہ سندھ اور پنجاب میں پیر سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے دوران 21 ملین سے زیادہ بچوں کو حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے۔ پیر کو وزارت صحت سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر نے کہا کہ ساتویں قومی مردم شماری کی سرگرمیوں کی وجہ سے پانچ روزہ پولیو مہم دو مرحلوں میں منعقد کی جا رہی ہے، پہلے مرحلے میں 13 سے 17 مارچ کے دوران پنجاب کے 13 اضلاع، سندھ کے 16 اضلاع اور اسلام آباد میں (بقیہ نمبر 41)

پنجاب ہیومن ٹرانسپلانٹ اتھارٹی کی مورگاہ کے علاقہ میں اہم کاروائی

ملزمان سے 20 کروڑ روپے کے قریب کیش برآمد ہوئی

مجبور افراد کو رقم کا لالچ دے کر گردوں کی خرید و فروخت نا قابل برداشت ہے

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس اور پنجاب ہیومن ٹرانسپلانٹ اتھارٹی کی مورگاہ کے علاقہ میں اہم کاروائی، نجی ہسپتال میں گردہ نکالنے کی اطلاع پر بروقت کاروائی، 03 ڈاکٹروں سمیت 10 افراد گرفتار، ملزمان سے 02 کروڑ روپے کے قریب کیش برآمد ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس اور پنجاب ہیومن ٹرانسپلانٹ اتھارٹی کی مورگاہ کے علاقہ میں اہم کاروائی، نجی ہسپتال میں گردہ نکالنے کی اطلاع پر بروقت کاروائی کرتے ہوئے 03 ڈاکٹروں سمیت 10 افراد کو گرفتار کر لیا، ڈاکٹروں کی شناخت زاہد، اطہر اور عابد لطیف کے ناموں سے ہوئی، دیگر ملزمان میں اسرار حسین، ارشد محمود، شہزاد، شاہنواز، محمد عمران، عاصم اور انس الرحمان شامل ہیں، ملزمان سے 20 کروڑ روپے کے قریب کیش برآمد ہوئی، اطلاع کے مطابق صبح سے آپریشن جاری تھے جن میں آپریشن کے دوران ایک 65 سالہ شخص افتخار جاں بحق ہو گیا جبکہ ایک شخص کو ہسپتال منتقل کیا گیا ہے، گرفتار ڈاکٹر زاہد قبل ازیں بھی گردے (بقیہ نمبر 40)



لاہور: لاہور میں دفعہ 144 کا نفاذ، ہائی کورٹ نے الیکشن کمیشن سمیت فریقین کو نوٹس جاری کر دیئے

صدر مملکت کو وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر آصف محمود نے سال 2022 کی رپورٹ پیش کر دی

رپورٹ کے مطابق ٹیکس محتسب نے 7 ارب روپے کے ریفنڈ کلیمز کی رقم ایف بی آر سے ٹیکس دہندگان کو ادا کرائی

سال 2022 کے دوران 7 ہزار شکایات موصول ہوئیں، 2021 میں ایف ٹی او کو 2816 شکایات موصول ہوئیں

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) صدر مملکت ڈاکٹ عارف علوی کو وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر آصف محمود جاہ نے سال 2022 کی رپورٹ پیش کر دی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ایف ٹی او کو سال 2022 کے دوران 7 ہزار شکایات موصول ہوئیں، 2021 میں ایف ٹی او کو 2816 شکایات موصول ہوئیں، سال 2022 کے دوران 7 ہزار میں سے 6500 شکایات کا ازالہ کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق ٹیکس محتسب نے 7 ارب روپے کے ریفنڈ کلیمز کی رقم ایف بی آر سے ٹیکس دہندگان کو ادا کرائی، ایف ٹی او کے 78 فیصد فیصلوں پر عمل درآمد ہو چکا، روزانہ کی بنیاد پر فیصلوں پر عملدرآمد کی نگرانی کی جا رہی ہے۔ صدر عارف علوی نے کہا کہ وفاقی ٹیکس محتسب اپنی خدمات کا دائرہ کار بڑھائے، ٹیکس معاملات میں حکام کی بدانتظامی کے خلاف فوری انصاف کی فراہمی میں محتسب کے کردار بارے آگاہی پیدا کی جائے۔ صدر مملکت ڈاکٹ عارف علوی کو وفاقی ٹیکس محتسب ڈاکٹر آصف محمود جاہ نے سال 2022 کی رپورٹ پیش کر دی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ایف ٹی او کو سال 2022 کے دوران 7 ہزار شکایات موصول ہوئیں، 2021 میں ایف ٹی او کو 2816 شکایات موصول ہوئیں، سال 2022 کے دوران 7 ہزار میں سے 6500 شکایات کا ازالہ کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق ٹیکس محتسب نے 7 ارب روپے کے (بقیہ نمبر 50)

راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں

05 ملزمان گرفتار، چرس، شراب اور پتنگیں برآمد، مقدمات درج

قانون شکن عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ڈویژنل ایس پیز

راولپنڈی (کرائم رپورٹر) راولپنڈی پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں، 05 ملزمان گرفتار، چرس، شراب اور پتنگیں برآمد، مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے ملزم تیمور سے 06 لیٹر شراب، ملزم نعمان سے 06 لیٹر شراب، مندرہ پولیس نے ملزم عامر سلیم سے 200 گرام چرس، جاتلی پولیس نے ملزم عرفات سے 300 گرام چرس، ٹیکسلا پولیس نے ملزم عبید اللہ سے 20 پتنگیں اور ڈور برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ قانون شکن عناصر کے خلاف کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کی خصوصی ہدایات

سب ڈویژن پر پیشرفت کا جائزہ لینے کے لیے جائزہ میٹنگ (ERM) کا انعقاد کیا

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ کا اپنے دائرہ اختیار کے حامل مختلف علاقوں میں دورہ، اسسٹنٹ کمشنر سیکرٹریٹ نے انسداد پولیو مہم کے پہلے روز ڈیم ایم او کے ساتھ بہارہ کہو میں ایریا انچارجز UCMOs / کی سب ڈویژنل سطح سیکرٹریٹ سب ڈویژن پر پیشرفت کا جائزہ لینے کے لیے جائزہ میٹنگ (ERM) کا (بقیہ نمبر58)

اسلام آباد: ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن اہم میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

عمران خان کے وارنٹ لے کر کوئی ٹیم لاہور نہیں گئی اسلام آباد پولیس

لاہور میں پہلے سے اسلام آباد پولیس کے اہلکار موجود ہیں، ٹیم بھیجنے کا فیصلہ افسران مشاورت سے کریں گے

خاتون جج کو دھمکانے کے کیس میں سابق وزیر اعظم عمران خان کے وارنٹ گرفتاری لیکر آج پولیس کی کوئی ٹیم لاہور نہیں گئی

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) اسلام آباد پولیس نے تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ خاتون جج کو دھمکانے کے کیس میں سابق وزیر اعظم عمران خان کے وارنٹ گرفتاری لیکر آج پولیس کی کوئی ٹیم لاہور نہیں گئی۔ اسلام آباد پولیس کے ترجمان نے کہا کہ لاہور میں پہلے سے اسلام آباد پولیس کے اہلکار موجود ہیں، ٹیم بھیجنے کا فیصلہ افسران مشاورت سے کریں گے، اسلام آباد پولیس قانون کے مطابق مشاورت کے بعد عمران خان کے خلاف کارروائی کرے گی۔ واضح رہے آج صبح سے خبر زیر گردش ہے کہ خاتون جج کو دھمکانے کے کیس میں ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری ہونے پر اسلام آباد پولیس کی ٹیم عمران خان کو گرفتار کرنے لاہور پہنچ گئی ہے، خبر میں یہ بھی کہا گیا کہ پولیس کی ٹیم خصوصی ہیلی کاپٹر کے ذریعے لاہور پہنچی۔ اسلام آباد پولیس نے تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ خاتون جج کو دھمکانے کے کیس میں سابق وزیر اعظم عمران خان کے وارنٹ گرفتاری لیکر آج پولیس کی کوئی ٹیم لاہور نہیں گئی۔ اسلام آباد پولیس کے (بقیہ نمبر 60)

شجاعت حسین کی (ق) لیگ کی سربراہی کیخلاف درخواست، الیکشن کمیشن کو مہلت مل گئی

لاہور (سٹی رپورٹر) لاہور ہائی کورٹ نے چوہدری شجاعت حسین کو پاکستان مسلم لیگ (ق) کے سربراہ کے عہدے پر برقرار رکھنے کے خلاف درخواست پر سماعت کرتے ہوئے الیکشن کمیشن کو جواب جمع کروانے کے لیے مہلت دے دی۔ عدالتِ عالیہ کے جسٹس عاصم حفیظ نے چوہدری وجاہت حسین کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست میں الیکشن کمیشن اور چوہدری شجاعت (بقیہ نمبر 42)

پنجاب میں ہونے والے عام انتخابات کے لئے الیکشن کمیشن کی تیاریاں جاری ہیں، ڈپٹی کمشنر ساہیوال

چیچہ وطنی (سٹی رپورٹر) ڈپٹی کمشنر/ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر اکرام الحق نے کہا ہے کہ صوبہ بھر کی طرح ضلع ساہیوال میں بھی عام انتخابات کے عمل کو صاف و شفاف اور غیر جانبدارانہ بنانے کے لئے تمام ریٹرننگ افسران اور اسسٹنٹ ریٹرننگ افسران انتہائی ذمہ داری سے آئینی فرائض سرانجام دیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ الیکشن کے حوالے سے تمام سرگرمیوں کو وقت پر سرانجام دیا جائے اور الیکشن کمیشن کے افسران (بقیہ نمبر43)

وزیر اعظم کی معاون خصوصی شیزا فاطمہ خواجہ نے شیریں مزاری کو آڑے ہاتھوں لے لیا

شیریں مزاری نے مریم نواز کو توشہ خانہ سے انناس کا ڈبہ ادائیگی کیئے بغیر لینے پر تنقید کا نشانہ بنایا

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) وزیر اعظم کی معاون خصوصی برائے امور نوجوان شیزا فاطمہ خواجہ نے پاکستان تحریک انصاف کی رہنما شیریں مزاری کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ مائیکرو بلاگنگ کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر شیریں مزاری نے مسلم لیگ (ن) کی چیف آرگنائزر مریم نواز کو توشہ خانہ سے انناس کا ڈبہ ادائیگی کیئے بغیر لینے پر تنقید کا نشانہ بنایا تو رکن قومی اسمبلی شیزا فاطمہ خواجہ نے بھی انہیں حقیقت سے آشنا کروا دیا۔ مسلم لیگ (ن) کی رہنما شیزا فاطمہ خواجہ نے شیریں مزاری کے ٹوئٹ کے جواب میں ٹوئٹ کرتے ہوئے لکھا کہ میڈم کو 300 روپے کے انناس کے ڈبے سے مسئلہ ہے، جس نے کچھ ہی وقت بعد (بقیہ نمبر 45)

ہری پور میں 4 منشیات فروش گرفتار، چرس و شراب برآمد

گرفتار ملزمان کے خلاف امتناع منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر لئے گئے ہیں

ہری پور (کرائم رپورٹر) ہری پور پولیس نے 24 گھنٹوں کے دوران 4 منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے 5 کلو 930 گرام چرس، 710 گرام ہیروئن اور 60 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ ہری پور پولیس کے مطابق ایس ایچ او تھانہ سٹی انسپکٹر عبدالغفور خان نے ایس ڈی پی او ہیڈ کوارٹر فدا محمد کی زیر نگرانی منشیات فروشی میں ملوث خیبر اللہ کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1 کلو 800 گرام چرس برآمد کر لی۔ ایس ایچ او تھانہ غازی اعجاز علی نیا ایس ڈی پی او سرکل غازی محمد یاسین جنجوعہ کی زیر نگرانی منشیات فروش عظیم خان کو گرفتار کر کے 4 کلو 130 گرام چرس اور نیاز علی کو گرفتار کر کے 710 گرام ہیروئن برآمد کی۔ ایس ایچ او تھانہ خانپور شفیق الرحمان نے کارروائی کرتے ہوئے غلام حسین کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 60 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف امتناع منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر لئے گئے ہیں۔ ایس ایچ او تھانہ غازی اعجاز علی نیا ایس ڈی پی او سرکل غازی محمد یاسین جنجوعہ کی زیر نگرانی منشیات فروش (بقیہ نمبر 49)

خواتین ملک و قوم کی ترقی میں اپنا موثر کردار ادا کریں، فریدہ خانم

ہمیں عورتوں کے حقوق کی بات کرتے ہوئے مغربی طرز فکر کی بجائے اسلامی ضابطہ حیات کو ملحوظ رکھنا چاہیے

نائس ویلفیئر سوسائٹی خواتین کو ہنر مند بنانے کے مشن پر گذشتہ پانچ سالوں سے گامزن ہے: سائرہ اقبال

لاہور (نیوز رپورٹر) ویمن ڈے کی مناسبت سے سماجی تنظیم نائس ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام نائس ووکیشنل ٹریننگ سنٹر میں تقریب کا اہتمام کیا گیا، تقریب میں نائس ووکیشنل ٹریننگ سنٹر کی طالبات نے مختلف پرفارمنس پیش کیں، کوئز پروگرام، ورائٹی شو، فیشن شو میں طالبات نے بھرپور انداز میں شرکت کی جس پر انہیں انعامات سے نوازا گیا۔ تقریب کی مہمان خصوصی معروف شاعرہ و مصنفہ فریدہ خانم نے اپنے خطاب میں کہا کہ خواتین ملک و قوم کی ترقی میں اپنا موثر کردار ادا کریں، ہمیں عورتوں کے حقوق کی بات کرتے ہوئے مغربی طرز فکر کی بجائے اسلامی ضابطہ حیات کو ملحوظ رکھنا چاہیے کیونکہ اسلام نے آج سے چودہ سو سال پہلے ہی عورت کو حقوق دیتے ہوئے اسکی زندگی کو محفوظ بنا دیا اسلام حقوق نسواں کا سب سے بڑا علمبردار اور محافظ ہے۔ نائس ویلفیئر سوسائٹی کی بانی اور چیف آپریٹنگ آفیسر سائرہ اقبال نے اپنے خطاب میں کہا کہ نائس ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام خواتین کو ہنر مند بنانے کا مشن گذشتہ پانچ سالوں سے کامیابی سے جاری ہے جس سے خواتین کی ایک کثیر تعداد تربیت حاصل کر چکی ہے جو اپنی فنی مہارت سے فائدہ اٹھا کر معاشی طور پر مضبوط زندگی گزار رہی ہیں کیونکہ خواتین کے معاشی استحکام کے لئے ووکیشنل (بقیہ نمبر 52)

1973 کے آئین میں ہی ملک کے تمام مسائل اور عوامی مشکلات کا حل ہے، احمد کریم خان کنڈی

ڈیرہ اسماعیل خان (جنرل رپورٹر) خیبر پختونخواہ اسمبلی میں پیپلز پارٹی کے سابق ڈپٹی پارلیمانی لیڈر احمد کریم خان کنڈی نے کہا ہے کہ 1973 کے آئین میں ہی ملک کے تمام مسائل اور عوامی مشکلات کا حل ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گومل یونیورسٹی سٹی کیمپس میں ٹرائیبل سٹوڈنٹس آرگنائزیشن گومل یونیورسٹی کے زیر اہتمام ''آئینی (بقیہ نمبر 51)

برطرف ملازمین کے دکھڑے سن کر روح تڑپ جاتی ہے، ڈاکٹر قادر مندوخیل

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) چیئرمین خصوصی کمیٹی برائے بحالی متاثرہ سرکاری ملازمین ڈاکٹر قادر مندوخیل نے کہا ہے کہ برطرف ملازمین کے دکھڑے سن کر روح تڑپ جاتی ہے، غریبوں سے روزگار کا وسیلہ چھیننا بہت بڑا گناہ ہے، ہر ممکن کوشش ہے (بقیہ نمبر 57)

دہلی سے دوحہ جانے والے بھارتی ایئرلائن کے طیارے کی کراچی میں ہنگامی لینڈنگ

کراچی (نیوز رپورٹر) بھارتی ایئرلائن کے طیارے نے مسافر کی طبیعت خراب ہونے پر کراچی ایئرپورٹ پر ہنگامی لینڈنگ کی لیکن طیارے کے لینڈ کرنے سے قبل ہی مسافر انتقال کر چکا تھا تفصیلات کے مطابق بھارتی ایئرلائن (بقیہ نمبر 59)

صدر ڈاکٹر عارف علوی نے ڈپٹی اٹارنی جنرل اسلام آباد ایاز شوکت کا استعفیٰ منظور کر لیا

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے ڈپٹی اٹارنی جنرل اسلام آباد ایاز شوکت کا استعفیٰ منظور کر لیا۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے پیر کو جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے استعفیٰ وزیر اعظم کی ایڈوائس پر منظور کیا ہے۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے ڈپٹی اٹارنی جنرل اسلام آباد ایاز شوکت کا استعفیٰ منظور کر لیا۔ (بقیہ نمبر 56)

محمد اکبر آفریدی ایک ذہین فطین ملنسار عاجز طبیعت اور معاملہ فہم پولیس افسر ہے

یہ واحد شخص ہے کہ اب بھی جب کبھی کوئی مسلہ ہوتا ہے لوگوں کی نظریں ان پر رہتی ہے

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) ایس ایچ او ملک محمد اکبر آفریدی ایک نڈر پولیس افسر ملک محمد اکبر آفریدی ایک ذہین فطین ملنسار عاجز طبیعت اور معاملہ فہم

پولیس افسر ہے۔ اپ نہایت نڈر اور بہادر انسان ہے۔ ضلع خیبر میں ان جیسا دلیر پولیس افسر کبھی نہیں ایا۔ اپ اتنے سخی ہے کہ چھوٹے سے چھوٹا اور بڑے سے بڑا انسان بھی ان کے دسترخوان سے خالی پیٹ نہیں گیا ہو گا۔ اکبر آفریدی ایک صلح جو اور امن پسند انسان ہے۔ لیکن اگر کوئی قانون کو ھاتھ میں لیتا ہے تو یہ واحد پولیس افسر ہے جو بڑے سے بڑا بدمعاش بھی ان کے چنگل سے بچ نہیں پاتا۔ اکبر افریدی چونکہ بڑے معتبر خاندان سے تعلق (بقیہ نمبر 55)

ملالہ یوسفزئی کی آسکرز کی تقریب میں پہلی شاندار انٹری

نوبل ایوارڈ یافتہ ملالہ یوسفزئی نے تقریب میں سلور رنگ کا گاؤن زیب تن کیا

نیویارک (نیوز ڈیسک) لاس اینجلس میں 95 ویں آسکرز کی تقریب اپنی تمام تر رعنائیوں کے ساتھ جاری ہے۔ دنیا کی کم عمر نوبل ایوارڈ یافتہ ملامہ یوسفزئی نے آسکرز کی تقریب میں شرکت کی۔ ملامہ یوسفزئی نے شوہر اسیر ملک کے ہمراہ انٹری دی۔ ملالہ یوسفزئی نے شارٹ فلم Stanger at the Gate کی ایگزیکٹیو پروڈیوسر کی حیثیت سے آسکرز ایوارڈ کی تقریب میں اپنا ڈیبیو کیا ان کی اس شارٹ فلم کو بہترین ڈاکیومینٹری کے طور پر اکیڈمی ایوارڈ کے لیے نامزد کیا گیا تھا۔ اس موقع پر ملالہ یوسفزئی (بقیہ نمبر61)

پی ٹی آئی رہنما ارسلان تاج 2 دن کے جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے

کراچی (سٹی رپورٹر) کراچی کی انسداد دہشتگردی عدالت نے پی ٹی آئی رہنما ارسلان تاج کو دو دن کے جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کر دیا۔ پی ٹی آئی ایم پی اے ارسلان تاج کو انسداد دہشتگردی عدالت میں پیش کیا گیا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ ارسلان تاج کو ڈی سی کیماڑی کے دفتر پر (بقیہ نمبر 62)

فاروق آباد میں ڈکیتی کی نان سٹاپ وارداتیں پولیس بے بس ڈاکو بے لگام

فاروق آباد (نیوز رپورٹر) فاروق آباد میں ڈکیتی کی نان سٹاپ وارداتیں پولیس بے بس ڈاکو بے لگام ارباب اختیار خاموش شہری اسلحے کے ڈر سے لٹنے لگے فاروق آباد گردونواح میں ڈکیتی کی وارداتوں کا سلسلہ تھم نہ سکا چونگی نمبر 3 پر دو مسلح ملزمان میڈیکل سٹور مالک مقبول الرحمن اور مریضوں سے ہزاروں روپے لوٹ کر فرار ہو گئے جبکہ سرگودھا (بقیہ نمبر 63)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

عمران خان نے امریکی سازش کا واویلا کیا ہوش ٹھکانے آیا تو پلستر چڑھا لیا امیر مقام

وزیر اعظم کے مشیر انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ عمران خان نے جو بیج بویا تھا آج ہم اس کی فصل کاٹ رہے ہیں

امیر مقام نے کہا کہ عمران خان نے ملک کو معاشی دیوالیہ بنا دیا، جو عمران خان کو لایا تھا اس نے ساتھ چھوڑ دیا تو ان کے اوسان خطا ہو گئے

نوشہرہ (خبر نگار) وزیر اعظم کے مشیر انجینئر امیر مقام نے کہا ہے کہ عمران خان نے جو بیج بویا تھا آج ہم اس کی فصل کاٹ رہے ہیں۔ نوشہرہ میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مسلم لیگ (ن) کے رہنما امیر مقام نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام پر 10 سال اور وفاق پر 4 سال فتنے اور بربادی کی حکومت مسلط تھی، جو عمران خان کو لایا تھا اس نے ساتھ چھوڑ دیا تو ان کے اوسان خطا ہو گئے، ایک سال امریکا کی سازش کا واویلا کیا، جب ہوش ٹھکانے آیا تو زخموں پر پلستر چڑھا لیا۔ امیر مقام نے کہا کہ عمران خان نے ملک کو معاشی دیوالیہ بنا دیا، ان کے 10 سالوں نے خیبر پختونخوا میں سرکاری ملازمین کو تباہی (بقیہ نمبر 44)

اسلام آباد: نور مقدم قتل کیس، مجرم ظاہر جعفر کی اپیلیں مسترد، سزائے موت برقرار

لاہور پریس کلب کے لائف ٹائم ممبر زبیر انصاری کی سالگرہ کی پروقار تقریب

کا کی جانب سے زبیر انصاری کی ادبی و سماجی خدمات پر ان کو خراج تحسین پیش کیا گیا

لاہور (نیوز رپورٹر) آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوی ایشن apwwa کے زیر اہتمام، آل پاکستان رائٹرز ویلفیئر ایسوی ایشن کے سرپرست اور لاہور پریس کلب کے لائف ٹائم ممبر زبیر احمد انصاری کی سالگرہ کی پروقار تقریب کا انعقاد لاہور کے مقامی ہوٹل میں کیا گیا جس میں زبیر انصاری نے فیملی کے ہمراہ شرکت کی۔ اس موقع پر ان کی سالگرہ کا کیک کاٹا گیا اور پرتکلف ڈنر کا اہتمام (بقیہ نمبر 47)

لاہور: لاہور: پریس کلب کے لائف ٹائم ممبر زبیر انصاری کی سالگرہ کا کیک کاٹا جا رہا ہے

پشاور میں مکان پر چھاپہ، جعلی ادویات برآمد

پشاور (نیوز رپورٹر) ڈائریکٹوریٹ جنرل ڈرگ کنٹرول اینڈ فارمیسی سروسز پشاور کی ڈرگ کنٹرول ٹیم نے النور گلی، گلبرگ بالمقابل خیبر سپر مارکیٹ صدر کے علاقے میں واقع مکان پر چھاپہ (بقیہ نمبر 46)

پی ٹی آئی کا ججز اور جرنیلوں کو ملنے والے تحائف کی تفصیلات بھی جاری کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد (نیوز رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف نے کابینہ ڈویژن کی جانب سے توشہ خانہ کی تفصیلات پبلک کرنے پر ججز اور جرنیلوں کو ملنے والے تحائف کی تفصیلات جاری کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اعلی عدالتی کمیشن کے ذریعے حاصل کئے جانے والے تحائف کو گوشواروں میں ظاہر کرنے اور ان پر ٹیکسوں کی ادائیگی کی تحقیقات بھی (بقیہ نمبر 48)

PTI کی داتا دربار تک انتخابی ریلی جگہ جگہ استقبال عمران خان کا اتوار کو جلسے کا اعلان

چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی قیادت میں انتخابی ریلی زمان پارک سے داتا دربار پہنچ کر اختتام پذیر ہو گئی

دومور یہ پل سے پی ٹی آئی کی ریلی داتا دربار پہنچی تو وہاں پر پہلے سے بڑی تعداد میں موجود تحریک انصاف کے کارکنوں نے استقبال کیا

لاہور (خصوصی رپورٹر) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی قیادت میں انتخابی ریلی زمان پارک سے داتا دربار پہنچ کر اختتام پذیر ہو گئی۔ تحریک انصاف کی انتخابی ریلی آغاز میں زمان پارک سے گڑھی شاہو پہنچی، ریلی میں پی ٹی آئی کے رہنماں اور کارکنوں کی کثیر تعداد شریک ہوئی، گڑھی شاہو پہنچنے پر ریلی کا تحریک انصاف کے کارکنوں کی جانب سے شاندار استقبال کیا گیا۔ گڑھی شاہو چوک پر کارکنوں کی جانب سے قیادت کے حق میں نعرے بازی بھی کی گئی، ریلی کے دوران اپنی گاڑی میں موجود سابق وزیر اعظم عمران خان ہاتھ ہلا کر کارکنوں کے نعروں کا جواب بھی دیتے رہے، ریلی کا دومور یہ پل پہنچنے پر آتش بازی سے استقبال کیا گیا۔ دومور یہ پل سے پی ٹی آئی کی ریلی داتا دربار پہنچی تو وہاں پر پہلے سے بڑی تعداد میں موجود تحریک انصاف کے کارکنوں نے استقبال کیا، ریلی کے استقبال کیلئے داتا دربار کے باہر کنٹینر لگا کر خصوصی سٹیج بھی سجایا گیا تھا، ریلی ختم ہونے کے بعد عمران خان واپس روانہ ہو گئے۔ داتا دربار (بقیہ نمبر 53)

ہری پور، پرائمری سکول کی بچی کو حراساں کرنے والا ملزم گرفتار

ہری پور (نیوز رپورٹر) ہری پور کے تھانہ غازی کی پولیس نے پرائمری سکول کی بچی کو حراساں کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ہری پور پولیس کے مطابق تھانہ غازی کی حدود خالو درہ پرائمری سکول کی بچی کو حراساں کرنے کا واقعہ رونما ہوا (بقیہ نمبر 54)

لیہ: رہنما تحریک انصاف صوبیہ انعام کا چک نمبر 104 ایم ایل کا دورہ کے موقع پر کارکنا کے ہمراہ گروپ فوٹو

پی ٹی آئی رہنما مس ثوبیا انعام کا چک نمبر 104 ایم ایل کا دورہ

پنجاب صوبائی اسمبلی پی پی حلقہ 282 الیکشن کے لائحہ عمل کے حوالے سے بات چیت

یونین کونسل گرے والا لیہ صدر چوہدری مقصود احمد تحصیل فنانس سیکرٹری حافظ مزمل قیوم سے ملاقات

لیہ (رپورٹ کاشف انوار) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما مس ثوبیا انعام کی چک نمبر 104 ایم ایل یونین کونسل گرے والا لیہ صدر چوہدری مقصود احمد تحصیل فنانس سیکرٹری حافظ مزمل قیوم کروڑ چوہدری نصیر نائب سیکرٹری گرے والا اور کارکنان سے ملاقات پنجاب صوبائی اسمبلی پی پی حلقہ 282 الیکشن کے لائحہ عمل کے حوالے سے بات چیت مس ثوبیا انعام نے کہا ہم ہر پلیٹ فارم پر عمران خان کے ساتھ ڈٹ کر کھڑے ہیں اور انکے ہر حکم کی تعمیل کریں گے خواہ ہمیں اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنا پڑا تو اس ملک کی سلامتی کی خاطر دریغ نہیں کریں گے۔

پی ڈبلیو ڈی نے بڑھتی مہنگائی کیخلاف احتجاج کی کال دیدی

ملازمین کی تنخواہوں اور مزدوروں کی ماہانہ اجرت میں سو فیصد اضافہ کیا جائے، ملک نثار خان

پشاور (نیوز رپورٹر) پی ڈبلیو ڈی لیبر یونین سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ نے بڑھتی مہنگائی کیخلاف احتجاج کی کال دیدی اور اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافے پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ یونین کے نمائندوں نے مطالبہ کیا کہ ملازمین کی تنخواہوں اور مزدوروں کی ماہانہ اجرت میں سو فیصد اضافہ کیا جائے۔ اس سلسلے میں مذکورہ یونین کا اجلاس گزشتہ روز پشاور میں منعقد ہوا جس میں صدر (بقیہ نمبر 64)